www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور نہایت ہی شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 12 | پیر 21 ستمبر 2026ء بمطابق 08 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 54 | قیمت 10 روپے

ہنگو سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 8 دہشتگرد ہلاک، پاک فوج کے 6 اہلکار شہید

شہید ہونے والوں میں 23 سالہ کیپٹن ابوذر فاروق اور 22 سالہ لیفٹیننٹ شیراز بابر اور 4 جوان بھی شامل ہیں، سکیورٹی فورسز نے موثر کارروائی کرتے ہوئے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنۃ الخوارج کو ہلاک کردیا

بہادر جوانوں کی یہ قربانیاں ملک کے دفاع اور قوم کی حفاظت کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں اور سکیورٹی فورسز ملک کے تحفظ کے لیے ہر قیمت پر اپنا فرض ادا کرتی رہیں گی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (ویب ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو میں سکیورٹی فورسز نے خوارج کے خلاف کارروائی کی اور اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں 8 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا جبکہ پاک فوج کے دو افسران سمیت 6 جوان شہید ہوئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق ہنگو میں 20 ستمبر کو سکیورٹی فورسز کے قافلے اور خوارج کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا اور سکیورٹی فورسز نے موثر کارروائی کرتے ہوئے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنۃ الخوارج کو ہلاک کردیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ سکیورٹی // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 1

حکومت کا بجلی کی خرید و فروخت سے دستبرداری کا اعلان

کسی کو جیل نہیں ہوگی نہ حکومت کو بجلی بیچ سکے گی اور نہ حکومت خرید سکے گی، وزیر توانائی

ملک میں بجلی پیدا کرنے اور استعمال کرنے والے آپس میں خود خرید و فروخت کریں گے، اس نظام کا اطلاق سب سے پہلے صنعتی یا بڑے صارفین پر ہوگا، نظام کو مزید شفاف بنانے سے صارفین کو کم قیمت بجلی میسر آسکے گی

عوام کو سستی بجلی کی فراہمی ترجیح ہے، آئندہ 5 سال میں 800 میگاواٹ بجلی کی نیلامی کی جائے گی، اس وقت پاکستان میں بجلی حکومت خریدتی ہے اور اپنے ترسیلی نظام کے ذریعے صارفین تک پہنچاتی ہے، وزیر توانائی اویس لغاری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ حکومت بجلی کی خریداری سے مکمل طور پر باہر ہو رہی ہے، کسی کو جیل نہیں ہوگی کہ حکومت کو بجلی بیچ سکے اور نہ حکومت خرید سکے گی، ملک میں بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں خود خرید و فروخت کریں گے، اس کا فیصلہ کابینہ کی منظوری سے ہوا ہے۔ // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 2

اڈیالہ جیل میں عمران خان کا طبی معائنہ، مختلف ٹیسٹ کیے گئے

بانی پی ٹی آئی کے بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور آنکھوں سمیت مکمل طبی معائنہ کیا گیا، جیل ذرائع

راولپنڈی (ویب ڈیسک) اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کا طبی معائنہ کیا گیا۔ جیل ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل آنے والی خصوصی میڈیکل ٹیم روانہ ہوئی۔ جیل ذرائع نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کے بلڈ پریشر، // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 7

عمران خان کا طبی معائنہ مکمل کرنے کے بعد واپس

محسن نقوی کی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے گھر آمد، اہلخانہ سے تعزیت

شہید حمزہ نے ہمارا سر فخر سے بلند کردیا ہے، پاکستان ہے تو ہم ہیں، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے گھر کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں انہوں نے شہید کے والد اور بھائی سے ملاقات کی اور دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے شہید حمزہ کے والد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ کا بیٹا ہمارا // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 8

ہماری ذمہ داری ہے کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئیگا، وزیر اطلاعات

سڑکوں کی بندش، آمد و رفت میں خلل کے حوالے سے ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں، جماعت اسلامی کے پرامن اور سمجھدار لوگ ہیں

پٹرولیم ریلیف سکیم ٹارگٹڈ سبسڈی ہے، تقریباً ڈھائی کروڑ موٹر سائیکلیں پاکستان میں رجسٹرڈ ہیں جو اس سکیم سے مستفید ہوں گے، عطاء اللہ تارڑ

اڑھائی کروڑ موٹر سائیکلیں پاکستان میں رجسٹرڈ ہیں جو اس سکیم // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 4

رواں سال ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق افراد کی تعداد 54 ہوگئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں رواں سال ڈاکوں کی فائرنگ سے جاں بحق افراد کی مجموعی تعداد 54 ہوگئی ہے۔ دوسری جانب کراچی کے علاقے نارتھ کراچی میں ایک پٹرول پمپ ڈکیتی واردات کے دوران فائرنگ سے شدید زخمی ہونے والے شہری دوران علاج جاں بحق ہوگئے، پولیس کے مطابق نارتھ کراچی سیکٹر 6 کے علاقہ // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 6

محسن نقوی کی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے گھر آمد، اہلخانہ سے تعزیت

شہید حمزہ نے ہمارا سر فخر سے بلند کردیا ہے، پاکستان ہے تو ہم ہیں، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے گھر کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں انہوں نے شہید کے والد اور بھائی سے ملاقات کی اور دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے شہید حمزہ کے والد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ کا بیٹا ہمارا // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 8

صدر اور وزیراعظم کا دہشتگردوں کیخلاف کارروائی پر فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (ویب ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے علاقے قلات میں دہشت گردوں کی جانب سے پاکستان بارکھان میں مقامی لوگوں پر حملہ کرنے والے دہشت گردوں کی مکمل سرکوبی پر فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن عزم استحکام کے تحت // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 5

علیمہ خان کی گرفتاری تشدد اور کشیدگی کو ہوا دینے کے مترادف ہے، ہیر سرگودہر

بانی کا مقدمہ اپنے آئینی اور سیاسی معالجات کے لیے پرامن جدوجہد کرنا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی ہیر سرگودہر نے علیمہ خان کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کردیا، اپنے بیان میں ہیر سرگودہر نے کہا کہ ہم نے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہیں، ان کی گرفتاری تشدد اور کشیدگی کو ہوا دینے کے مترادف ہے، بانی پی ٹی آئی نے ہمیشہ // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 10

نیول چیف کا سی اسپارک 2026 مشق کا جائزہ

یکم ستمبر سے جاری سی اسپارک 2026 میں بحری آپریشنز کے تمام پہلوؤں کی مشق کی جارہی ہے

بحری جہازوں کے ساحلی دورے اور کھلے سمندر میں جاری مشق سی اسپارک 2026 کی تیاریوں کا جائزہ لینے کراچی پہنچے، نیول چیف ایڈمرل فرحان اشرف نے سمندر میں موجود جہازوں اور کریش ایریا کا دورہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سربراہ پاک // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 11

اجتماع اور دھرنوں سے معیشت کو یومیہ 120 ارب روپے کا نقصان ہوگا، وزیر خزانہ

دھرنوں اور ہڑتالوں سے معاشی ترقی کا سفر متاثر ہوسکتا ہے، پائیدار معاشی استحکام کا حصول ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، سینیٹر اورنگزیب

ہم معاشی استحکام سے معاشی ترقی کی جانب گامزن ہیں، زرمبادلہ کے ذخائر ملک کی بلند ترین سطح تک پہنچ چکے ہیں، مالیاتی خسارے میں نمایاں کمی ہوئی ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ احتجاج اور دھرنوں سے معیشت کو یومیہ 120 ارب روپے کا نقصان ہوگا، ہڑتالوں اور دھرنوں سے معاشی ترقی کا سفر متاثر ہوسکتا ہے، پائیدار معاشی استحکام کا حصول ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ہم معاشی استحکام // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 9

وزیراعلیٰ سندھ نے صوبے بھر میں بڑے پیمانے پر داخلہ مہم کا حکم دے دیا

اسکولوں کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کا نتیجہ خواندگی میں اضافے کی صورت میں سامنے آنا چاہیے، بالخصوص لڑکیوں میں، سید مراد علی شاہ

جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کیلئے اسحاق ڈار نیویارک چلے گئے

21 سے 25 ستمبر تک وزیراعظم کے ہمراہ ہوں گے، اعلیٰ سطحی ملاقاتیں، مختلف ٹویٹ کی سرگرمیوں پر مشتمل ہوگا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد سے نیویارک پہنچے ہیں، جہاں وہ 21 سے 25 ستمبر تک وزیراعظم محمد شہباز شریف // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 12

متعلقہ علاقوں سے تقریباً 2 لاکھ 50 ہزار بچوں کو اسکولوں میں داخل کرایا جائے، وزیراعلیٰ سندھ کی ضلعی انتظامیہ، ای ایم اوز اور منتخب نمائندوں کو ہدایت

کراچی میں آئندہ 3 روز گرمی کی شدت میں اضافے کا امکان

درجہ حرارت 39 ڈگری تک پہنچنے کی پیش گوئی، موسم گرم و مرطوب رہنے کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ موسمیات نے کراچی میں آئندہ 3 روز کے دوران گرمی کی شدت میں اضافے کی پیش گوئی کرتے ہوئے موسم گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 3 روز کے دوران شہر کا درجہ حرارت سے زیادہ رہنے کا امکان ہے، جبکہ کم سے کم // باقی صفحہ نمبر 3 ، بقیہ نمبر 13

چھوٹے صوبے بنائیں لیکن درست وقت پر، سعد رفیق

قومی پیچت کی اہم اسکیموں کی شرح منافع میں کمی

نئے منافع کے تحت 5 ایئرز سیونگز سرٹیفکیٹس کی مدت 10 سال مقرر

پاکستان کو عالمی سرمایہ کاری کا مرکز بنانے کا مشن

قیصر احمد شیخ 21 تا 24 ستمبر ورلڈ اکنامک فورم کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں شریک ہونگے

صاف ماحول ہر شہری کا بنیادی حق ہے، نہال ہاشمی

حکومت کے ساتھ عوام بھی صفائی کی ذمہ داری بھرپور انداز میں ادا کریں، گورنر سندھ

صفائی صرف مہم نہیں، زندگی کا حصہ بنانا ہوگا، وزیراعلیٰ سندھ

صاف شہر سڑکوں اور گلیوں سے نہیں، صاف سوچ اور ذمہ دار رویوں سے بنتے ہیں، سید مراد علی شاہ

سندھ اور چین صوبے کے درمیان سسٹر صوبوں کے لیٹر آف انٹرسٹ پر دستخط

معاہدے پر سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن اور ہونان فارن افیئرز آفس کی ڈائریکٹر جنرل گو ونگ نے دستخط کیے

جہاں بھی قبضہ ہو اس کی نشاندہی کی جائے کارروائی کی جائے گی، ناصر شاہ

اسکیم 33 میں محکمہ بلدیات سندھ کے تحت 4 بڑی سڑکوں کی تعمیر جاری ہے، جن میں مجموعی طور پر 24 کلومیٹر دورویہ سڑک شامل ہے، صوبائی وزیر

سرجانی میں قتل کا معاملہ، ہمایوں کا بھائی بھی دھمکیوں کے الزام میں طلب

سوات کالونی میں گھریلو جھگڑا، باپ جاں بحق، 15 سالہ بیٹا زخمی

حسن آباد میں فلیٹ سے میاں بیوی اور 3 بچوں کی لاشیں برآمد

وزیراعلیٰ، وزیر داخلہ اور آئی جی سندھ کا موقع پر پہنچ کر جائزہ لینے کا حکم، متوفی ڈاکٹر اسپتال میں ملازم اور گھر کے کفیل تھے، پولیس

واقعے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کی جائیں اور تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے، سید مراد علی شاہ کی متعلقہ حکام کو ہدایت

پرفیشنلز نیٹ ورک کے زیر اہتمام بین الاقوامی کانفرنس

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ماہرین، کارپوریٹ اداروں کے نمائندگان، ماہرین

جہاں بھی قبضہ ہو اس کی نشاندہی کی جائے کارروائی کی جائے گی، ناصر شاہ

پاکستان بازار میں پولیس مقابلہ، 4 مبینہ ڈکیت زخمی گرفتار

سوات کالونی میں گھریلو جھگڑا، باپ جاں بحق، 15 سالہ بیٹا زخمی

حسن آباد میں فلیٹ سے میاں بیوی اور 3 بچوں کی لاشیں برآمد

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ ABC Certified
پاکستان بلیٹن کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، چینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

کفایت شعاری مہم کی منظوری، کیا حکومت واقعی سنجیدہ ہے؟

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کی وجہ سے عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے تناظر میں ملک بھر میں سادگی و کفایت شعاری مہم کی منظوری دے دی۔ یہ فیصلہ اسلام آباد میں وزیراعظم کی زیرِصدارت منعقدہ کفایت شعاری اور توانائی کے تحفظ کے اقدامات پر اہم اجلاس میں کیا گیا جس میں وزیراعظم نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پوری دنیا مہنگائی کی لپیٹ میں ہے، سب سے پہلے حکومت اور اشرافیہ سے قربانی کا آغاز کیا جائے گا۔ اجلاس میں حکومتی اخراجات میں کمی، ایندھن کے تحفظ اور سرکاری وسائل کے موثر استعمال کے لیے اضافی کفایت شعاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن میں تین ماہ کے لیے 50 فیصد کمی کے اقدام پر عمل درآمد کی منظوری دی گئی۔ ایمبولینسز، فائر بریگیڈ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضروری خدمات کی گاڑیاں اس اقدام سے مستثنیٰ ہوں گی جبکہ انتظامی یا غیر آپریشنل نوعیت کی گاڑیوں کے لیے استثنا کی اجازت نہیں ہوگی۔ تین ماہ کے لیے سرکاری دوروں اور بیرون ملک سفری سرگرمیوں پر بھی پابندی عائد کردی گئی۔ ناگزیر بیرونِ ملک دوروں کی صورت میں وزرا، مشیران، وزرائے مملکت، معاونین خصوصی اور سرکاری افسران اکانومی کلاس میں سفر کریں گے۔

اجلاس میں سرکاری امور کے لیے ویڈیو کانفرنسنگ اور ٹیلی کانفرنسنگ کے زیادہ سے زیادہ استعمال، سرکاری عشائیوں کے انعقاد پر پابندی، سوائے غیر ملکی وفود کے اعزاز میں ضروری عشائیوں اور حکومت کے زیرِاہتمام سرکاری سیمینارز، تربیتی پروگراموں اور کانفرنسوں کے انعقاد میں غیر ضروری اخراجات سے گریز کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ کفایت شعاری اور ایندھن کے تحفظ کے اقدامات کی نگرانی کے لیے قائم کمیٹی وزارتوں، ڈویژنز، محکموں، سرکاری اداروں اور صوبائی حکومتوں سے عمل درآمد رپورٹس حاصل کرے گی۔ عدم تعمیل اور رکاوٹوں کی نشاندہی کر کے اصلاحی اقدامات تجویز کرے گی اور وزیراعظم کو ہفتہ وار پیش رفت کی رپورٹ پیش کرے گی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت کی کہ کفایت شعاری کے اقدامات پر بلاامتیاز عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور حکومتی اخراجات میں کمی کے ساتھ ساتھ توانائی اور ایندھن کے تحفظ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

فاصلے مر گئے ہیں

اکرم چوہدری

بھی جغرافیہ انسان کو تحفظ کا احساس دیتا تھا۔ جنگ کسی دوسرے ملک میں ہوتی تو ہم نقشے پر انگلی رکھ کر فاصلہ ناپتے اور مطمئن ہو جاتے کہ آگ بہت دور ہے۔ اب نقشے پر فاصلے باقی ہیں، زندگی میں نہیں۔ ریاض کی فضا میں خطرے کا سائرن بجتا ہے تو اسلام آباد کی کوئی عمارت نہیں کانپتی۔ خلیج میں میزائل اڑتے ہیں تو لاہور کی سڑکوں پر دھماکے نہیں ہوتے۔ آبنائے ہرمز میں کشیدگی بڑھتی ہے تو کراچی کے گھروں کی کھڑکیاں سلامت رہتی ہیں۔ لیکن جدید دنیا میں جنگ ہمیشہ بارود بن کر سرحد پار نہیں کرتی۔ کبھی وہ پٹرول کی نئی قیمت بن کر آتی ہے۔ کبھی بجلی کے بل میں داخل ہوتی ہے۔ کبھی جہاز کا کرایہ بڑھاتی ہے۔ کبھی کارخانے کی پیداواری لاگت اور کبھی باورچی خانے کا بجٹ بدل دیتی ہے اور کبھی ہزاروں میل دور بیٹھے کسی پاکستانی کی خیریت پوچھنے کے لیے رات گئے بجنے والا ایک فون بن جاتی ہے۔

یہی آج کی دنیا ہے۔

فاصلے مر گئے ہیں۔

ایک رات، کئی دارالحکومت، ذرا ایک ہی وقت میں دنیا کے نقشے کو دیکھیے۔ مشرق وسطیٰ میں بے یقینی ہے۔ کہیں میزائل اور ڈرون فضا میں ہیں۔ کہیں فضائی دفاع متحرک ہے۔ کہیں بحری راستوں کی سلامتی سوال بن رہی ہے۔ یوکرین کی جنگ نے برسوں سے یورپ کی سلامتی کا تصور بدل رکھا ہے۔ غزہ اور اس کے گرد پیدا ہونے والا انسانی اور سیاسی بحران عالمی ضمیر اور عالمی سفارت کاری دونوں کا امتحان بنا ہوا ہے۔ بڑی طاقتیں ایک دوسرے کو صرف فوجی میدان میں نہیں بلکہ تجارت، ٹیکنالوجی، توانائی اور اثرورسوخ کے میدان میں بھی چیلنج کر رہی ہیں۔

واشنگٹن اپنی ترجیحات رکھتا ہے۔

بیجنگ اپنی بساط بچھا رہا ہے۔

ماسکو اپنی جنگ اور اپنے مفادات کے ساتھ کھڑا ہے۔

تہران اپنے گرد بڑھتے دباؤ کو دیکھ رہا ہے۔

خلیجی دارالحکومت اپنی سلامتی اور معیشت دونوں بچانے کی فکر میں ہیں۔

اور ان سب کے درمیان اسلام آباد بھی ہے۔

فرق صرف یہ ہے کہ دنیا نئی بساط پر نئی چالیں سوچ رہی ہے اور پاکستان کو بیرونی بساط کے ساتھ اپنے گھر میں بچھی سیاسی بساط بھی سنبھالنا ہے۔

اسلام آباد کا اپنا موسم

پاکستان میں سیاست کا موسم شاید دنیا کے موسم سے بھی زیادہ مستقل ہے۔ چہرے بدلتے ہیں، نعرے بدلتے ہیں، حکومتیں بدلتی ہیں، اپوزیشن بدلتی ہے، لیکن سیاسی کہانی کا بنیادی خاکہ حیرت انگیز طور پر ایک جیسا رہتا ہے۔ ایک فریق احتجاج کا اعلان کرتا ہے۔ دوسرا ریاستی نظم برقرار رکھنے کا عزم ظاہر کرتا ہے۔ پھر بیانات آتے ہیں، جوابی بیانات آتے ہیں، راستوں اور جلسوں کی بحث ہوتی ہے، مذاکرات کا لفظ بھی سنائی دیتا ہے اور کچھ ہی دیر بعد سیاسی شور میں دب جاتا ہے۔

حکومت کے پاس اپنی دلیل ہے۔

اپوزیشن کے پاس اپنا مقدمہ۔

جمہوریت میں دونوں کا ہونا غیر معمولی نہیں۔ غیر معمولی بات تب بنتی ہے جب اختلاف کا کوئی قابلِ اعتماد سیاسی راستہ باقی نہ رہے۔ آج پاکستان کے سامنے سوال یہ نہیں کہ حکومت درست ہے یا اپوزیشن۔ یہ فیصلہ عوام اور سیاسی و آئینی عمل کا کام ہے۔

اصل سوال کچھ اور ہے: کیا پاکستان ایک ایسے وقت میں مسلسل داخلی تصادم برداشت کرسکتا ہے جب اس کے اردگرد کی دنیا پہلے ہی غیر معمولی دباؤ میں ہے؟

یہ سوال کسی ایک جماعت کا نہیں۔

ریاست کا ہے۔

جنگ کا پاکستانی راستہ

فرض کیجیے خلیج میں کشیدگی مزید بڑھتی ہے۔

پاکستان تک پہنچنے کے لیے اسے ویزا نہیں چاہیے۔

اس کا پہلا راستہ توانائی ہوگا۔ تیل اور گیس مہنگے ہوں گے تو نقل و حمل کی لاگت بڑھے گی۔ نقل و حمل مہنگی ہوگی تو اشیا کی قیمتیں متاثر ہوں گی۔ صنعت کے اخراجات بڑھیں گے تو برآمدات اور روزگار پر دباؤ آسکتا ہے۔

دوسرا راستہ تجارت ہوگا۔ سمندری راستوں میں خطرہ بڑھے تو جہاز رانی، انشورنس اور مال برداری مہنگی ہوتی ہے۔ دنیا کے ایک سرے پر پیدا ہونے والی رکاوٹ دوسرے سرے کی دکان تک پہنچ جاتی ہے۔

تیسرا راستہ انسان ہیں۔

خلیجی ممالک پاکستان کے لیے صرف سفارتی شراکت دار نہیں۔ وہاں پاکستانی خاندانوں کے لاکھوں رشتے، روزگار اور مستقبل وابستہ ہیں۔ مشرق وسطیٰ میں بڑی بے یقینی اس لیے ہمارے لیے صرف خارجہ پالیسی کی خبر نہیں رہتی، گھریلو تشویش بھی بن جاتی ہے۔

اور چوتھا راستہ شاید سب سے خاموش ہے۔

اعتماد۔

جنگ اور غیر یقینی سرمایہ کار کو محتاط کرتی ہے، کاروبار کو انتظار پر مجبور کرتی ہے اور حکومتوں کو ایسے فیصلے کرنے پڑتے ہیں جن کا چند ہفتے پہلے تصور بھی نہیں ہوتا۔ یہیں عالمی سیاست ایک عام پاکستانی کے دسترخوان سے ملتی ہے۔

دو پاکستان

ہماری معاشی گفتگو میں بھی ایک عجیب فاصلہ موجود ہے۔

ایک پاکستان فائلوں میں رہتا ہے۔

وہاں ذخائر ہوتے ہیں، شرحِ نمو ہوتی ہے، خسارہ ہوتا ہے، قرض کی ادائیگی ہوتی ہے، عالمی مالیاتی ادارے ہوتے ہیں اور معاشی استحکام کے اشاریے ہوتے ہیں۔

دوسرا پاکستان بازار میں رہتا ہے۔ وہ پوچھتا ہے آٹا کتنے کا ہے۔ بجلی کا بل کتنا آیا۔ موٹر سائیکل کی ٹینکی کتنے میں بھری۔ بچے کی فیس دینے کے بعد مہینہ کیسے گزرے گا۔

دونوں پاکستان جھوٹے نہیں۔

دونوں حقیقت ہیں۔

مسئلہ تب پیدا ہوتا ہے جب سرکاری معاشی حقیقت اور شہری کی معاشی حقیقت کے درمیان فاصلہ بہت بڑھ جائے۔

معیشت واقعی سنبھل سکتی ہے، مگر جب تک اس کا اثر گھر کے بجٹ تک نہ پہنچے، عام آدمی کے لیے لفظ استحکام ایک معاشی اصطلاح ہی رہتا ہے، تجربہ نہیں بنتا۔

اور خلیج کی موجودہ بے یقینی اسی کمزور مقام پر دستک دے رہی ہے۔

دنیا میں دوستیاں بھی بدل رہی ہیں

پاکستان کی خارجہ پالیسی کے لیے بھی آنے والا وقت آسان نہیں۔

چین اہم ہے۔

امریکا اہم ہے۔

سعودی عرب اور خلیجی ممالک اہم ہیں۔

ایران ہمارا ہمسایہ ہے۔

افغانستان کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ ترکیہ، وسطی ایشیا اور دیگر علاقائی قوتوں کے ساتھ تعلقات بھی اپنی جگہ اہمیت رکھتے ہیں۔

پرانے زمانے میں سوال نسبتاً سادہ ہوتا تھا: آپ کس کیمپ میں ہیں؟

نئی دنیا کا سوال مختلف ہے:

آپ اپنے مفاد کو کتنی ذہانت سے محفوظ رکھتے ہیں؟

شاید پاکستان کے لیے کامیاب خارجہ پالیسی وہ نہیں ہوگی جو کسی ایک عالمی طاقت کے قریب ہونے پر فخر کرے، بلکہ وہ ہوگی جو مختلف طاقتوں سے تعلق رکھتے ہوئے اپنی فیصلہ سازی کی گنجائش محفوظ رکھ سکے۔ کیونکہ عالمی سیاست میں مستقل دوستیوں سے زیادہ مستقل مفادات کی بات کی جاتی ہے۔ پاکستان کو بھی اپنا مستقل مفاد واضح کرنا ہوگا۔

بین المذاہب ہم آہنگی اور پرامن بقائے باہمی وقت کی اہم ضرورت

محمود خان

دنیا میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے مختلف مذاہب، مسالک اور معاشرتی طبقات کے درمیان باہمی احترام، برداشت اور ہم آہنگی کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وطن عزیز میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے شہری ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ملکی آئین بھی تمام شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور مذہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے۔ ایسے میں بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینا نہ صرف حکومتی ذمہ داری ہے بلکہ معاشرے کے ہر فرد، مذہبی رہنما، سیاسی نمائندے، دانشور، نوجوان اور سول سوسائٹی کی مشترکہ ذمہ داری بھی ہے۔ اسی تناظر میں چیئرمین سینیٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے مذہبی رہنماؤں، بین الاقوامی اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کے نمائندوں پر مشتمل وفد کی ملاقات ایک اہم پیش رفت ہے۔ ملاقات میں بین المذاہب ہم آہنگی، پرامن بقائے باہمی، برداشت اور سماجی شمولیت کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ ملاقات اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ مذہبی اور سماجی سطح پر مکالمے کے ذریعے مختلف برادریوں کے درمیان فاصلے کم اور باہمی اعتماد کو مضبوط کیا جا سکتا ہے۔ مختلف ممالک اور اداروں سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ مذہبی ہم آہنگی اور سماجی شمولیت کا پیغام کسی ایک ملک یا معاشرے تک محدود نہیں بلکہ پوری دنیا کی مشترکہ ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اس موقع پر ایک جامع اور مضبوط معاشرے کے بنیادی تصور کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ معاشرہ اسی وقت مضبوط اور جامع بن سکتا ہے جب اس کے ہر فرد کو مساوی احترام، وقار اور مواقع میسر ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے شہری ملکی ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کر رہے ہیں، ملک کی ترقی صرف معاشی اعداد و شمار سے نہیں جانی جا سکتی بلکہ اس کا انحصار سماجی اتحاد، سیاسی استحکام، قانون کی بالادستی اور شہریوں کے باہمی اعتماد پر بھی ہوتا ہے، اقلیتوں سمیت معاشرے کے تمام طبقات کو قومی دھارے میں شامل کرنا ایک مضبوط ریاست کی بنیادی ضرورت ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے دورِ وزارتِ عظمیٰ کا حوالہ دیتے ہوئے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کیے گئے اقدامات کا بھی ذکر کیا۔ ان کے مطابق اقلیتوں کے لیے الگ وزارت برائے بین المذاہب ہم آہنگی کا قیام اور سرکاری ملازمتوں میں کوٹہ سمیت مختلف عملی اقدامات کیے گئے۔ بطور چیئرمین سینیٹ انہوں نے اقلیتوں کے مسائل کو موثر انداز میں اجاگر کرنے اور پارلیمانی عمل میں ان کی شرکت کو مزید مضبوط بنانے کے لیے سینیٹ میں مائنارٹی کاکس کے قیام کا بھی ذکر کیا۔ پارلیمان کسی بھی جمہوری معاشرے کی نمائندہ آواز ہوتی ہے۔ اس لیے پارلیمانی اداروں میں مختلف طبقات کی موثر نمائندگی نہ صرف جمہوریت کو مضبوط بناتی ہے بلکہ قانون سازی میں معاشرے کے تمام طبقات کے مسائل کو شامل کرنے کا موقع بھی فراہم کرتی ہے۔ اقلیتی برادریوں کے نمائندوں کو پارلیمانی عمل میں موثر آواز دینا قومی یکجہتی کے لیے بھی انتہائی اہم ہے۔ ملاقات کا ایک مقصد چیئرمین سینیٹ کو واشنگٹن میں منعقد ہونے والے نیشنل پریئر بریک فاسٹ میں شرکت کی دعوت بھی ہے۔ وفد کے سربراہ پاسٹر ڈاکٹر باب رابرٹس جونیئر نے انہیں آئندہ سال فروری کے پہلے ہفتے میں واشنگٹن میں منعقد ہونے والے نیشنل پریئر بریک فاسٹ میں شرکت کی دعوت دی، جسے چیئرمین سینیٹ نے قبول کیا۔ یہ دعوت پاکستان اور عالمی سطح پر مذہبی و سماجی حلقوں کے درمیان رابطوں کو مزید مضبوط بنانے کا ایک اہم موقع بن سکتی ہے۔ ایسے عالمی اجتماعات کا مقصد محض رسمی ملاقاتیں نہیں بلکہ مختلف مذاہب اور معاشروں سے تعلق رکھنے والے افراد کو ایک دوسرے کو سمجھنے، مشترکہ مسائل پر گفتگو کرنے اور امن و برداشت کے فروغ کے لیے مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے کا موقع فراہم کرنا بھی ہوتا ہے۔ مذہبی رہنما اگر اپنے اپنے معاشروں میں امن، برداشت اور احترام کا پیغام عام کریں تو انتہاپسندی، نفرت اور تعصب کے خاتمے میں نمایاں مدد مل سکتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے بھی اس موقع پر اس امر پر زور دیا کہ مذہبی رہنماؤں، پارلیمنٹیرینز، سول سوسائٹی اور نوجوانوں کے باہمی تعاون سے مختلف برادریوں کے درمیان روابط مزید مضبوط کیے جاسکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عدم برداشت، تعصب اور امتیاز کا موثر مقابلہ مشترکہ کوششوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ نوجوان اس حوالے سے خصوصی اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ آج کی نوجوان نسل ہی مستقبل کے معاشرے کی تشکیل کرے گی۔

پیٹرول ریلیف پروگرام

طارق سہیل

مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ کے باعث عالمی سطح پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں پیدا ہونے والے اتار چڑھاؤ اور عوام پر اس کے ممکنہ اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومتِ پاکستان نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ایک اہم اقدام اٹھایا ہے۔ حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے پیٹرول ریلیف پروگرام کے تحت مستحق شہریوں کو پیٹرول سو روپے فی لیٹر کے حساب سے فراہم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد کم آمدنی والے اور روزانہ سفر کے لیے موٹر سائیکل، رکشہ اور دیگر چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے والے شہریوں کو بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اثرات سے ممکنہ حد تک ریلیف دینا ہے۔ حکومت کی جانب سے جاری کردہ اشتہار کے مطابق پیٹرول سو روپے فی لیٹر کے حساب سے ریلیف پروگرام میں شامل افراد کو فراہم کیا جائے گا۔ اس منصوبے کو عوامی ریلیف اور موجودہ معاشی حالات میں عام شہریوں کے لیے سہولت پیدا کرنے کی کوشش قرار دیا گیا ہے۔ خاص طور پر وہ افراد جو موٹر سائیکل یا چھوٹی گاڑی کے ذریعے روزگار کے سلسلے میں روزانہ سفر کرتے ہیں، ان کے لیے پیٹرول کے اخراجات میں کمی براہ راست بجٹ پر مثبت اثر ڈال سکتی ہے۔ اشتہار کے مطابق اس پروگرام کے لیے رجسٹریشن کا طریقہ بھی آسان رکھا گیا ہے۔ شہری اپنے شناختی کارڈ نمبر کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے موبائل فون سے مخصوص طریقہ کار اختیار کرنا ہوگا۔ رجسٹریشن کے دوران شناختی کارڈ نمبر اور متعلقہ گاڑی کی معلومات فراہم کی جائیں گی تاکہ اہل افراد کی تصدیق کے بعد انہیں پیٹرول ریلیف کی سہولت فراہم کی جاسکے۔ حکومت نے موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ، لوڈر اور آٹھ سی سی تک گاڑیوں کے مالکان کو اس پروگرام میں شامل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ پیٹرول ریلیف پروگرام کا مرکزی ہدف وہ شہری ہیں جن کا روزمرہ سفر اور روزگار چھوٹی گاڑیوں پر منحصر ہے۔ پاکستان میں بڑی تعداد میں شہری موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چھوٹی گاڑیوں کو روزگار، کاروبار، دفاتر، دکانوں اور دیگر ضروری کاموں کے لیے استعمال کرتے ہیں، اس لیے پیٹرول کی قیمت میں کمی ان کے لیے خاص اہمیت رکھتی ہے۔ اشتہار میں بتایا گیا ہے کہ رجسٹریشن کے لیے شہری اپنے موبائل فون سے REG لکھ کر اسپیس دیں اور اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر درج کرکے 9771 پر ایس ایم ایس کریں۔ اس کے بعد متعلقہ طریقہ کار کے تحت گاڑی کی رجسٹریشن اور دیگر ضروری معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔ رجسٹریشن کے بعد اہل افراد کو ریلیف سے متعلق معلومات موبائل پیغام کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔ پیٹرول ریلیف حاصل کرنے کے طریقہ کار میں گاڑی کی رجسٹریشن بھی اہم مرحلہ ہے۔ شہریوں کو اپنی گاڑی کا رجسٹریشن نمبر اور متعلقہ معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔ حکومتی نظام کے ذریعے فراہم کردہ معلومات کی تصدیق کے بعد اہل شہریوں کو پیٹرول ریلیف دیا جائے گا۔ اس عمل کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ حکومتی سہولت حقیقی اور اہل افراد تک پہنچے اور اس پروگرام کا غلط استعمال نہ ہو۔ اشتہار میں رجسٹریشن کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2026 درج کی گئی ہے۔ اس لیے جو شہری اس پروگرام کے لیے اہل ہیں، انہیں مقررہ مدت کے اندر اپنی رجسٹریشن مکمل کرنی چاہیے۔ رجسٹریشن کے بعد حکومتی نظام کے ذریعے تصدیق اور دیگر ضروری کارروائی مکمل ہونے پر مستحق شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ پیٹرول کی قیمت عام شہری کی زندگی میں براہِ راست اثر انداز ہوتی ہے۔ پیٹرول مہنگا ہونے سے نہ صرف موٹر سائیکل یا گاڑی چلانے کا خرچ بڑھتا ہے بلکہ نقل و حمل کی لاگت میں اضافے کے باعث اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر بھی اثر پڑ سکتا ہے۔ مزدور، چھوٹے دکاندار، طلبہ، ملازمین، ڈیلیوری رائیڈرز پر کام کرنے والے افراد اور دیگر شہری روزانہ سفر کے لیے پیٹرول استعمال کرتے ہیں۔ ایسے میں پیٹرول کی قیمت میں ریلیف ان کے ماہانہ اخراجات کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ خاص طور پر موٹر سائیکل چلانے والے شہریوں کی بڑی تعداد اپنے روزگار اور روزمرہ ضروریات کے لیے پیٹرول پر انحصار کرتی ہے۔ رکشہ اور چنگچی چلانے والے افراد کے لیے بھی ایندھن روزانہ کاروباری اخراجات کا ایک اہم حصہ ہے۔ اسی طرح چھوٹی گاڑیوں کے مالکان بھی پیٹرول کی قیمت میں اضافے سے متاثر ہوتے ہیں۔ حکومت کا موجودہ پروگرام ایسے ہی صارفین کو ریلیف دینے کی کوشش ہے۔ یہ ریلیف ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں فراہم کیا جا رہا ہے۔ اس طرح پروگرام کا دائرہ وسیع رکھا گیا ہے تاکہ مختلف علاقوں میں رہنے والے اہل شہری اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔ تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے عوامی فلاحی پروگراموں میں شفافیت، آسان رسائی اور مستحق افراد تک بروقت سہولت کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ رجسٹریشن اور تصدیق کے عمل کو سادہ رکھا جائے تاکہ دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہری بھی بلامشکل اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ساتھ ہی شہریوں کو بھی چاہیے کہ وہ مقررہ طریقہ کار کے مطابق اپنی معلومات فراہم کریں اور کسی غیر متعلقہ شخص کو شناختی کارڈ یا دیگر حساس معلومات دینے سے گریز کریں۔

شہرِ قائد

جہاں بھی قبضہ ہو، اس کی نشاندہی کی جائے، کارروائی کی جائے گی، ناصر شاہ

پی ٹی آئی کی جانب سے ماضی میں پُرتشدد تحریکیں چلانے کا طرزِ عمل سامنے آیا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ جہاں بھی قبضہ ہو، اس کی نشاندہی کی جائے، کارروائی کی جائے گی، تمام اضلاع میں ترقیاتی کام جاری ہیں جبکہ ایف ڈبلیو او کو بڑے منصوبے بھی دیے گئے ہیں۔ انہوں نے یہ بات اسکیم 33، ملیر اور میمن گوٹھ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے معائنے کے موقع پر کہی۔ وزیر بلدیات نے اسکیم 33 میں زیرِ تعمیر سڑکوں کا معائنہ کیا، جہاں کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے حکام نے انہیں منصوبوں پر پیش رفت سے آگاہ کیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اسکیم 33 میں محکمہ بلدیات سندھ کے تحت 4 بڑی سڑکوں کی تعمیر جاری ہے، جن میں مجموعی طور پر 24 کلومیٹر دو رویہ سڑک شامل ہے، منصوبے کی لاگت کا تخمینہ ایک ارب 98 کروڑ 70 لاکھ روپے ہے جبکہ تقریباً 70 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ حکام نے بتایا کہ کے ڈی اے کے تحت زیرِ تعمیر سڑکوں کی تکمیل سے اسکیم 33 اور اطراف کے علاقوں سے ایم نائن سپر ہائی وے تک آمد و رفت میں بہتری آئے گی۔ مہران روڈ سے لنک روڈ تک سڑک کی چوڑائی 10 میٹر ہے جبکہ مدراس روڈ، رومی روڈ اور چپل سرمست روڈ تا لنک روڈ کی تعمیر بھی جاری ہے، جس سے اطراف کی لاکھوں نفوس پر مشتمل آبادی کو سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ ناصر حسین شاہ نے ملیر میمن گوٹھ میں زیرِ تعمیر سڑک کا بھی معائنہ کیا۔ کے ڈی اے حکام نے بتایا کہ ایکسپریس وے سے براستہ ملیر ریور روڈ 11.54 کلومیٹر طویل سڑک تعمیر کی جارہی ہے، جس کی لاگت کا تخمینہ ایک ارب 42 کروڑ 80 لاکھ روپے ہے۔ سڑک کی تعمیر فروری 2026 میں شروع ہوئی تھی اور منصوبہ 24 ماہ میں مکمل ہوگا۔ بریفنگ کے مطابق میمن گوٹھ میں زیرِ تعمیر سڑک کی چوڑائی 7.3 میٹر ہے جبکہ منصوبے میں 125 میٹر طویل فلائی اوور بھی شامل ہے۔ وزیر بلدیات نے منصوبے پر کام کی رفتار کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو تعمیراتی کام مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ تعمیراتی معیار پر بھی خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو جاری منصوبوں کی مکمل نگرانی کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ناصر حسین شاہ نے کہا کہ کسی بھی سیاسی تحریک کو پُرتشدد نہیں ہونا چاہیے، تشدد کسی مسئلے کا حل نہیں۔ جماعت اسلامی کی تحریکیں پُرامن رہی ہیں اور وہ اپنا موقف پُرامن طریقے سے پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی جانب سے ماضی میں پُرتشدد تحریکیں چلانے کا طرزِ عمل سامنے آیا ہے، سیاسی اختلافات کو پُرامن انداز میں حل کیا جانا چاہیے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ پہلی بار وزیراعظم کے خلاف قرارداد لائی گئی، جس کے بعد اسمبلیاں توڑ دی گئیں اور قاضی فائز عیسیٰ پر بھی الزامات عائد کیے گئے۔ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ پی ٹی آئی نے اپنی جماعت کے انتخابی نشان سے متعلق مقدمہ بھی درست انداز میں نہیں لڑا۔

پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کے کارکنان نے کراچی میں بچوں کے اغوا اور قتل کے خلاف احتجاج کیا

اداکار آر جے عمران کی مقبولیت کا گراف بلندیوں کی جانب گامزن

بڑی اور چھوٹی اسکرین پر مسلسل کامرانیاں، مزید دو بڑی فلموں میں انتہائی اہم کردار میں نظر آئیں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شوبز انڈسٹری کے معروف اور ورسٹائل اداکار آر جے عمران کی فنکارانہ صلاحیتوں کے سبب ان کی مقبولیت میں نمایاں اور بے پناہ اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ سینما گھروں میں دھوم مچانے والی کامیاب فلموں آگ لگے بستی میں اور ذوم عید کی شاندار پذیرائی کے بعد اب وہ مزید دو بڑی فلموں میں انتہائی اہم اور مرکزی کردار نبھاتے ہوئے نظر آئیں گے۔ فلمی دنیا کے ساتھ ساتھ وہ چھوٹی اسکرین پر بھی مسلسل کامیابیوں کے جھنڈے گاڑ رہے ہیں۔ ڈرامہ سیریل بس تیرا ساتھ ہو کی دھوم آج کل آن ایئر ہے۔ بلاک بسٹر ڈرامہ سیریل بس تیرا ساتھ ہو میں اداکار ایک منفرد اور بااثر وکیل کے روپ میں اپنی جاندار اداکاری کے جوہر دکھا رہے ہیں جسے شائقین کی جانب سے بے حد سراہا جا رہا ہے۔ اس حوالے سے میڈیا سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے آر جے عمران کا کہنا تھا کہ نامور ہدایت کار قاسم علی مرید نے سیریل کے ہر کردار سے انتہائی خوبصورت اور باکمال کام لیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ ڈرامہ مسلسل مقبولیت کے نئے ریکارڈ قائم کر رہا ہے۔ نامور فنکاروں کی کہکشاں اور سیکھنے کا عمل معروف ڈرامہ نگار سائرہ رضا کے تحریر کردہ اس میگا پروجیکٹ کے مرکزی کاسٹ میں فرحان سعید، ثنا جاوید، فرحان طاہر، صبا حمید، ٹیپو شریف، حارث وحید اور آر جے عمران شامل ہیں۔ ڈرامے کی کامیابی پر بات کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ سکس سگما پلس پروڈکشن جیسے معتبر ادارے کے ساتھ کام کرنا ان کے لیے ایک بہترین تجربہ ثابت ہوا ہے اور ان کاوشوں سے انہیں فن کی نئی باریکیاں سیکھنے کا زبردست موقع ملا ہے۔ ان کے بقول انڈسٹری کے میگا اسٹارز کے ساتھ اسکرین شیئر کرنا ان کے لیے انتہائی باعثِ اعزاز ہے۔ آئندہ پروجیکٹس اور مصروفیت اپنے آنے والے کاموں کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے آر جے عمران نے انکشاف کیا کہ وہ اس وقت اپنی زیرِ تکمیل دو نئی فلموں کی تیاریوں میں سخت مصروف ہیں جن کی تفصیلی معلومات وہ جلد اپنے مداحوں کے ساتھ شیئر کریں گے۔ ٹی وی سیریلز کے علاوہ وہ ایک ویب سیریز کی تیاریوں میں بھی پیش پیش ہیں بے پناہ مصروفیت کا ذکر کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ شوٹنگ کے باعث وہ آج کل اپنے اہل خانہ اور دوستوں کو مناسب وقت نہیں دے پا رہے۔

ڈپٹی کمشنر ضلع کورنگی مسعود بھٹو کی پولیو آگاہی واک میں خصوصی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری کورنگی برانچ کے زیرِ اہتمام پولیو سے بچاؤ اور عوامی آگاہی کے فروغ کے لیے پولیو آگاہی واک کے عنوان سے ایک خصوصی آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام میں سرکاری اسکول کے بچوں، پولیو ڈسٹرکٹ ٹیم اور دیگر شرکا سمیت تقریباً 200 افراد نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں پولیو سے بچاؤ اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ پروگرام کا آغاز ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری کورنگی برانچ سے کیا گیا، جہاں شرکا نے پولیو کے خاتمے اور بچوں کی صحت کے تحفظ کے عزم کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری کورنگی برانچ کی جانب سے گزشتہ عرصے کے دوران عوامی تحفظ اور صحت و طبی سائنس کے شعبے میں مختلف آگاہی پروگرامز اور سرگرمیوں کا انعقاد کیا جاتا رہا ہے۔ اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے پولیو سے بچاؤ کے لیے اس خصوصی آگاہی پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔ اس پروگرام کا انعقاد ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری کورنگی برانچ کی مارکیٹنگ ٹیم نشا صدیقی اور کلسٹر مینیجر انور شیخ نے کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ون) سہیل انور آرائیں، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کورنگی ڈاکٹر اشفاق، اسسٹنٹ کمشنر لانڈھی عبدالغنی، ٹاؤن چیئرمین لانڈھی عبدالجمیل خان، پیپلز پارٹی کے سیاسی مشیر عیسیٰ قریشی اور ہیلتھ ریڈیالوجی لمیٹڈ کے چیف میڈیکل آفیسر ڈاکٹر عارف خان سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ پولیو آگاہی مہم واک کا باقاعدہ آغاز ڈپٹی کمشنر کورنگی مسعود بھٹو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ون) سہیل انور آرائیں، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کورنگی ڈاکٹر اشتیاق اور دیگر معزز مہمانوں نے کیا۔ پروگرام میں سرکاری اسکول کے طلبہ، پولیو ڈسٹرکٹ ٹیم اور دیگر شرکا نے بھی شرکت کی۔

متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان نے کراچی میں پاکستان میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے لیے ریلی نکالی

سندھ بھر سے

سندھ ترقی پسند پارٹی کا تحریک کے پہلے مرحلے میں سندھ میری ماں رابطہ مہم کا آغاز

ڈاکٹر قادر مگسی کا قافلے کی صورت میں حیدرآباد سے جھرک، سونڈا، علی بحر اور چھتو چند پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) سندھ ترقی پسند پارٹی کی جانب سے سندھ کی وحدت کی بقا کے لیے تحریک کے پہلے مرحلے میں سندھ میری ماں رابطہ مہم کا آغاز ٹھٹھہ سے کردیا گیا۔ سندھ ترقی پسند پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر قادر مگسی جب قافلے کی صورت میں حیدرآباد سے جھرک، سونڈا، علی بحر اور چھتو چند پہنچے تو ان کا شاندار استقبال کیا گیا، جہاں انہوں نے مختلف کارنر اجتماعات سے بھی خطاب کیا۔ ڈاکٹر قادر مگسی جب ٹھٹھہ کے جلسہ گاہ پہنچے تو ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔ ٹھٹھہ کے جوڈیشل کمپلیکس کے قریب جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر قادر مگسی نے کہا کہ سندھ ہزاروں سال کی تاریخ رکھنے والی ہماری دھرتی ماں اور ایک آزاد وطن کے طور پر قائم رہا ہے۔ اسے ٹکڑے ٹکڑے کرنے کے خواب دیکھنے والے خود ٹکڑے ہو جائیں گے، لیکن مادرِ وطن کو نئے صوبوں کی صورت میں انتظامی یونٹس میں تقسیم نہیں کرسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ ایک مزاحمتی خطہ رہا ہے، اس خطے کو جس نے بھی بری نظر سے دیکھا، یہاں کے لوگوں نے اس کی آنکھ نکال دی۔ سندھ مزاحمتی تاریخ رہی ہے اور اس نے کبھی بھی غاصبوں اور لٹیروں کو قبول نہیں کیا۔ دھرتی ماں کی حفاظت کے لیے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ سندھ کے کروڑوں لوگ بیدار ہو چکے ہیں اور سندھ دشمنوں کو بھاگنے کی جگہ بھی نہیں ملے گی۔ چیئرمین ڈاکٹر قادر مگسی نے کہا کہ سندھ ہزاروں سال کی تاریخ رکھنے والی ہماری دھرتی ماں اور ایک آزاد وطن رہا ہے۔ اسے ٹکڑے ٹکڑے کرنے کے خواب دیکھنے والے خود ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گے۔ سندھ کے لوگ اپنا سر دے دیں گے، لیکن دھرتی ماں کی حفاظت کے لیے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 15 نومبر کو کراچی میں لاکھوں سندھی جمع ہو کر اپنی وحدت کی بقا کے لیے اپنی جدوجہد کا عزم دہرائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکمران اور ادارے ہوش سے کام لیں اور اپنے مبینہ ارادوں کو ختم کریں، بصورت دیگر انہیں بھاگنے کی جگہ بھی نہیں ملے گی۔ ڈاکٹر قادر مگسی نے کہا کہ میں شہباز شریف اور ان کے وزرا کو کہنا چاہتا ہوں کہ اپنی شرارتیں بند کریں، آپ کے بیانات اور شرارتوں کی بھرپور مزاحمت کی جائے گی۔

محراب پور: صحافی مسلح افراد کے حملے میں بیٹے سمیت زخمی

محراب پور (نمائندہ پاکستان بلیٹن) صحافی مسلح افراد کے حملے میں بیٹے سمیت زخمی، ٹریفک حادثے میں باپ معصوم بیٹے سمیت زخمی، اسپتال منتقل، نوشہرو فیروز کے سینئر صحافی ممتاز سولنگی اور ان کا بیٹا آصف سولنگی گاؤں مراد سولنگی کے قریب مسلح افراد کے حملے میں زخمی ہوگئے، زخمیوں کو اسپتال منتقل کردیا ہے۔ صحافی تنظیموں نے حملہ آوروں کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔ مورو کے قریب قومی شاہراہ پر مسافر وین کی ٹکر لگنے سے موٹر سائیکل سوار وسیم سولنگی معصوم بیٹے سمیت زخمی ہوگیا۔ پولیس کے زخمی وارڈ نمبر 2 مورو کے رہائشی تھے وین کو تحویل میں لیکر پولیس تفتیش کررہی ہے۔

آئی بی اے ٹیسٹ پاس امیدواروں کا حیدرآباد پریس کلب پر تقرری خطوط کے لیے احتجاج

صوبوں کا معاملہ اب نان ایشو ہوگیا ہے، طارق علی تالپور

ڈگری (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر سماجی بہبود میر طارق علی تالپور نے کہا ہے کہ صوبوں کا معاملہ اب نان ایشو ہوگیا ہے، سندھ اسمبلی اپنا فیصلہ سنا چکی ہے، اس کے بعد اس معاملے پر مزید بات کرنا وقت کا ضیاع ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کسانوں کے حقوق کے تحفظ کی محافظ اور ضامن جماعت ہے۔ صوبائی وزیر میر طارق علی تالپور نے یہ بات ڈگری کے نواحی گاؤں دیہہ 166 میں پیور بلاک سے تعمیر کی جانے والی گلیوں کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر چیئرمین حاجی فاروق آرائیں، معروف سیاسی و سماجی رہنما حاجی حنیف آرائیں، انیس آرائیں، اعظم خان نوحانی و دیگر موجود تھے۔ صوبائی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ گندم کی امدادی قیمت کے حوالے سے سوال پر انہوں نے کہا کہ سندھ کابینہ کی جانب سے امدادی قیمت کے اعلان کا فیصلہ اس لیے مؤخر کیا گیا کہ فوری طور پر قیمت مقرر کرنے سے مارکیٹ پر اثر پڑسکتا تھا اور گندم و آٹے کی قیمتوں میں اضافہ ہونے کا خدشہ تھا۔ تاہم سندھ حکومت نے گندم کے معاملے پر آئی ایم ایف سے بھی رابطہ کیا ہے۔ حالیہ طور پر سندھ کابینہ نے گندم کے کاشتکاروں کے لیے 14.9 ارب روپے کے اضافی سبسڈی پیکیج کی منظوری دی ہے۔ گنے کی امدادی قیمت کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی سال سے اس حوالے سے قیمت مقرر نہیں کی جارہی، جس کی ایک وجہ آئی ایم ایف کے تحت مارکیٹ کو آزاد کرنے سے متعلق پالیسی ہے۔

سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا؟ سابق کونسلر عاشق علی ٹیلگر راجپوت نے مبینہ غفلت اور کرپشن پر سنگین سوالات کھڑے کردیئے۔ میرپورخاص جناح پارک (نظیر حسین پارک) جسے بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے نام سے منسوب کرنے کے بعد جناح پارک کہا جاتا ہے، اس وقت انتہائی خستہ حالی کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ پارک کی موجودہ صورتحال پر سابق کونسلر عاشق علی ٹیلگر راجپوت نے میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ جو پارک کبھی سرسبز، شاداب اور شہریوں کی تفریح کا بہترین مرکز تھا، وہ آج مبینہ غفلت اور کرپشن کی نذر ہو چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر بروقت توجہ نہیں دی گئی تو یہ تاریخی عوامی مقام مکمل طور پر اپنی شناخت کھو بیٹھے گا۔

شکارپور: کانسٹیبل کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر چوہان برادری کا احتجاج

شکارپور (نامہ نگار) چند روز قبل قتل ہونے والے پولیس کانسٹیبل عاشق چوہان کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کے خلاف چوہان برادری کے مرد و خواتین کی بڑی تعداد نے گھنٹہ گھر چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے سڑکوں پر رکاوٹیں کھڑی کر کے راستے بند کردیئے اور پولیس کے خلاف شدید نعرے بازی کی، جس کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر اور شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ پولیس کانسٹیبل عاشق چوہان کو چند روز قبل مبینہ طور پر بااثر افراد نے قتل کیا، تاہم واقعے میں ملوث ملزمان تاحال گرفتار نہیں ہوسکے۔ مقتول کے ورثا اور برادری کے افراد نے الزام عائد کیا کہ مبینہ قاتل انہیں مقدمے سے دستبردار ہونے کے لیے دباؤ ڈال رہے ہیں اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔ مظاہرین نے مزید الزام عائد کیا کہ انہیں اور مقدمے کے گواہوں کو بھی جھوٹے مقدمات میں پھنسانے کی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔

بیرانی میں 2 کروڑ کی لاگت سے بینظیر بھٹو پبلک پارک کا افتتاح

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) بیرانی شہر کے رہائشیوں بالخصوص بچوں کو تفریح کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر قرۃ العین مری نے ایم این اے شازیہ عطا مری کی کوششوں سے 2 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے بینظیر بھٹو پبلک پارک کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر قرۃ العین مری نے کہا کہ بیرانی شہر میں شہریوں، بالخصوص بچوں کے لیے کوئی مناسب تفریحی پارک موجود نہیں تھا، جس کے باعث انہیں صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کے لیے بہتر ماحول میسر نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ایجوکیشن ورکس کے تحت ایم این اے شازیہ عطا مری کی کوششوں سے قائم ہونے والا یہ پارک ہے۔

وزیر اعلیٰ سندھ کے خصوصی معاون، شام سندر، حیدرآباد میں حسن آباد رہائشی سوسائٹی کے استقبالیہ میں معزز قرار دیے گئے

ڈگری پولیس کی منشیات کیخلاف کارروائی، دو ملزمان گرفتار

ڈگری (نامہ نگار) ڈگری پولیس کی منشیات کے خلاف جاری کارروائی دو ملزمان گرفتار سفینہ برآمد دو الگ مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ڈگری پولیس کی ایس ایچ او نتھے کمار کی سربراہی میں منشیات کے خلاف جاری کارروائیوں میں پولیس ذرائع کے مطابق ڈگری پولیس نے معمول کے گشت کے دوران ڈگری کے مرکزی چوک سے دولت رام اور جگدیش کو حراست میں لیکر ان سے سفینہ برآمد کرلی ہے۔

بقیہ 1

فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کے دوران فتن الخوارج کے 8 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا اور اس دوران دستوں کی قیادت فرنٹ سے کرنے والے دو بہادر افسران نے بھی جام شہادت نوش کیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ شہید ہونے والوں میں 23 سالہ کیپٹن ابوذر فاروق اور 22 سالہ لیفٹیننٹ شیراز بابر بھی شامل ہیں، کارروائی میں 4 جوان بھی شہید ہوئے ہیں، یوں مجموعی طور پر 2 افسران سمیت 6 اہلکاروں نے جام شہادت نوش کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ علاقے میں کسی بھی دیگر بھارتی سرپرستی میں سرگرم خوارج کے خاتمے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے اور وفاقی ایپکس کمیٹی کے تحت سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ملک میں غیرملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی۔ آئی ایس پی آر نے مزید بتایا کہ بہادر جوانوں کی یہ قربانیاں ملک کے دفاع اور قوم کی حفاظت کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں اور سکیورٹی فورسز ملک کے تحفظ کے لیے ہر قیمت پر اپنا فرض ادا کرتی رہیں گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ہنگو میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتن الخوارج کے 8 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر خراج تحسین پیش اور فتن الخوارج کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے کیپٹن ابوذر فاروق، لیفٹیننٹ شیراز بابر اور 4 جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہید افسران اور جوانوں نے وطن عزیز کے دفاع اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے مثال شجاعت کا مظاہرہ کیا، شہدا نے قوم کے مستقبل اور ملکی سلامتی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور پوری قوم اپنے بہادر شہدا کو سلام پیش کرتی ہے۔ وزیراعظم نے شہدا کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتن الخوارج کے خلاف سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں جاری رہیں گی، ملک سے غیرملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے آپریشن عزم استحکام کے تحت کارروائیاں پوری قوت سے جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 2

میں بجلی حکومت خریدتی ہے اور اپنے ترسیلی نظام کے ذریعے صارفین تک پہنچاتی ہے، تاہم بجلی کی قیمت، آئی پی پیز اور واپڈا سمیت مختلف معاملات پر گزشتہ 25، 30 سال سے سوالات اٹھتے رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی حکومت نے گزشتہ 25، 30 سال سے زیرغور اس ارادے کو عملی شکل دینے کا آغاز کر دیا ہے۔ نئے نظام کے تحت حکومت کے لیے بجلی کی خریداری لازم نہیں ہوگی اور بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں براہ راست خرید و فروخت کر سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس نظام کا پہلا مرحلہ صنعتی اور بڑے بجلی صارفین کے لیے شروع کیا جا رہا ہے، جس میں ایک میگاواٹ یا اس سے زائد بجلی استعمال کرنے والے صارفین مستفید ہوں گے۔ شفاف میکنزم کے تحت صارفین اپنی ضرورت کے مطابق سستی بجلی خرید سکیں گے۔ اویس لغاری نے کہا کہ یہ نظام بتدریج وسعت اختیار کرے گا اور آئندہ چند سالوں میں عام صارفین، جن میں 200 اور 400 یونٹ بجلی استعمال کرنے والے صارفین بھی شامل ہیں، تک اس کے فوائد پہنچیں گے۔ اس کے نتیجے میں بجلی کی ایک منڈی وجود میں آئے گی جہاں صارفین اپنی مرضی سے سستی ترین بجلی خرید سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سستی بجلی سے صنعت کو بھی فائدہ ہوگا اور صنعتی شعبہ عالمی منڈی میں اپنی مصنوعات کو زیادہ مسابقتی نرخوں پر پیش کر سکے گا۔ بجلی کے اخراجات میں کمی سے پاکستانی مصنوعات کی برآمدات میں بھی مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گزشتہ دو سال کے دوران حکومت نے اس مقصد کے لیے جو کوششیں کیں، آج انہیں عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے قوم سے کیے گئے وعدوں کو پورا کرنے کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 3

ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق علیمہ خان اپر مال میں واقع اپنے گھر سے جم جانے کے لیے نکلی تھیں کہ لٹن روڈ پولیس نے انہیں حراست میں لے لیا۔ بیرسٹر گوہر خان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ نورین نیازی نے انہیں علیمہ خان کی گرفتاری کے بارے میں فون پر بتایا ہے۔ پی ٹی آئی نے ہمیشہ واضح کیا ہے کہ 27 ستمبر کا مارچ پرامن اور سیاسی ہوگا اور مقصد آئینی و سیاسی مطالبات کے لیے پرامن جدوجہد ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ کسی قسم کا تصادم یا تشدد نہیں چاہتے، ایسے میں علیمہ خان کو گرفتار کرنا یا ایم پی او کے تحت نظربند رکھنا تشدد اور کشیدگی کو ہوا دینے کے مترادف ہے جس کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ حالات خراب کرنے کی جانب پہلا قدم ہے، تمام ایسے اقدامات فوری طور پر بند کیے جائیں اور علیمہ خان کو فی الفور رہا کیا جائے۔ ان کے مطابق ایسے اقدامات کے خلاف پارٹی اپنا لائحہ عمل جلد دے گی۔

بقیہ 4

سے مستفید ہوں گے۔ اتوار کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے موجودہ صورتحال میں عوام کے لئے خصوصی فیول ریلیف سکیم کا اجراء کیا، پرائم منسٹر فیول ریلیف سکیم کامیابی سے جاری ہے، پوری دنیا میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے، خطے میں کشیدگی کی وجہ سے تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم نے غریب طبقے کا احساس کرتے ہوئے تمام متعلقہ محکموں کو بروقت ہدایات جاری کیں، وزیراعظم نے خصوصی ریلیف سکیم کی ہر مرحلے پر خود نگرانی کی۔ انہوں نے کہا کہ رجسٹریشن کا عمل وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تعاون سے کامیابی سے مکمل کیا گیا، وزیراعظم کو عوام کی فلاح و بہبود کا خصوصی خیال ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے 15 سال کی بجائے 20 سال پرانی موٹر سائیکل، رکشہ اور گاڑیوں کو بھی سکیم کا حصہ بنایا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ یکم جنوری 2006ء کے بعد رجسٹرڈ تمام موٹر سائیکل، رکشے، چنگ چی سکیم میں رجسٹریشن کے لئے اہل ہو گئے ہیں، سکیم میں اندراج کے لئے ایس ایم ایس بھی فری کر دیا گیا ہے، ایک ٹوکن پر پانچ لیٹر پٹرول کی حد کو ختم کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 5

دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائیاں جاری رہیں گی اور غیرملکی سرپرستی و معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ اتوار کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے مؤثر کارروائی کے نتیجے میں فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی کارکردگی کو سراہا۔ صدر مملکت نے دہشت گردوں کے ٹھکانے سے مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرانے، ٹرک، بسیں اور گاڑیاں برآمد کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے قلات کے قریب پاکستان ہائی وے (این 25) پر دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اتوار کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کیا اور دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو لائق تحسین ہے۔ دہشت گردوں کی جانب سے قومی شاہراہ پر عوام کی پرامن نقل و حرکت کو متاثر کرنے، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کی مذموم کوشش کو سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی سے ناکام بنایا۔ وزیراعظم نے دہشت گردوں کے قبضے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیوں سمیت بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے پر بھی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائیاں جاری رہیں گی اور غیرملکی سرپرستی و معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔

بقیہ 6

ایک گلی میں چھاپے کے دوران 2 ڈاکو فرار ہونے کی کوشش کر رہے تھے کہ شہری نور احمد نے ایک ڈاکو کو دبوچ لیا۔ اسی دوران ڈاکو کی فائرنگ سے نور احمد پیٹ پر گولی لگنے سے شدید زخمی ہو گیا، جبکہ ڈاکو یوسف بھی اپنی ہی گولی ٹانگ پر لگنے سے زخمی ہو گیا، پولیس نے یوسف کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے اسلحہ برآمد کر لیا۔ پولیس نے زخمی گرفتار ڈاکو کو طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کیا، جہاں وہ پولیس حراست میں زیر علاج ہے جبکہ شدید زخمی شہری نور احمد ہفتے کو دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے عباسی شہید اسپتال میں دم توڑ گیا، پولیس نے ضابطے کی کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی۔

بقیہ 7

کولیسٹرول اور آنکھوں سمیت مکمل طبی معائنہ کیا گیا، میڈیکل ٹیم کی سربراہی پمز اسپتال کے ڈاکٹر عارف خان کر رہے تھے۔ جیل ذرائع کے مطابق میڈیکل ٹیم کو اڈیالا جیل اسپتال کے طبی عملے کی بھی معاونت حاصل تھی۔ خیال رہے کہ اس سے قبل بھی پمز اسپتال کے ماہر ڈاکٹرز کی ٹیم اڈیالا جیل میں عمران خان کا طبی معائنہ کر چکی ہے۔

بقیہ 8

بیٹا حمزہ پاکستان پر قربان ہوا، دوسرا بیٹا بھی پاکستان کے لیے حاضر ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید حمزہ نے ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا ہے، پاکستان ہے تو ہم ہیں، پاکستان نہیں تو کچھ نہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ آپ جیسے عظیم والد کے حوصلے پر پوری قوم کو ناز ہے، شہید کیپٹن حمزہ اکرم کا غیر معمولی جرات اور بلند جذبہ ہی قوم کی اصل طاقت ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ کیپٹن حمزہ اکرم نے 7 خوارجیوں کو جہنم واصل کر کے بہادری کی اعلیٰ مثال قائم کی، شہید کیپٹن حمزہ اکرم سمیت ہر شہید کے خون کا ایک ایک قطرہ وطن کے تحفظ کی ضمانت ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ قوم شہید کیپٹن حمزہ اکرم اور ان کے خاندان کی قربانیوں کا قرض ادا نہیں کر سکتی۔ شہید کیپٹن حمزہ ہمارے دلوں میں زندہ ہیں اور ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ واضح رہے کہ کیپٹن حمزہ اکرم ہنگو میں خوارجیوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوئے تھے۔

بقیہ 9

سے معاشی ترقی کی جانب گامزن ہیں، زرمبادلہ کے ذخائر ملک کی بلند ترین سطح تک پہنچ چکے ہیں، مالیاتی خسارے میں نمایاں کمی ہوئی ہے، اخراجات کو کم کیا جا رہا ہے، کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ہے، ترسیلات زر میں مسلسل اضافہ کا رجحان ہے، برآمدات کا شعبہ بھی درست سمت میں گامزن ہے، پاکستان سٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، بدقسمتی سے مشرق وسطیٰ کی صورتحال سے سب متاثر ہو رہے ہیں، امید ہے معاشی ترقی کے سفر میں مزید بہتری آئے گی، احتجاج، دھرنے اور ہڑتالیں مسائل کا حل نہیں، ڈائیلاگ کا راستہ ہی سب سے بہتر اور مناسب ہے۔ اتوار کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں چند حقائق عوام کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں، گزشتہ ہفتے میں ہمارے زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر تک پہنچ چکے ہیں، قومی تاریخ میں مالیاتی خسارہ ہائی سنگل ڈیجٹ سے 26 پر آ چکا اور آمدنی میں اضافہ ہوا ہے، ہماری پوری کوشش ہے ہم اخراجات کو کم کریں، کرنٹ اکاؤنٹ کی کارکردگی میں نمایاں بہتری ہوئی ہے۔

بقیہ 10

مطالبات کے لیے پرامن جدوجہد کرنا ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پی ٹی آئی کسی قسم کا تصادم یا تشدد نہیں چاہتی، علیمہ خان کو گرفتار کرنا یا نظربند رکھنا تشدد اور کشیدگی کو ہوا دینے کے مترادف ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے علیمہ خان کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ حالات خراب کرنے کی جانب پہلا قدم ہے۔ بیرسٹر گوہر نے مطالبہ کیا کہ یہ تمام اقدامات فوری طور پر بند کیے جائیں اور علیمہ خان کو فی الفور رہا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات کے خلاف پارٹی اپنا آئندہ کا لائحہ عمل جلد جاری کرے گی۔

بقیہ 11

اہلکاروں سے ملاقات بھی کی۔ یکم ستمبر سے جاری سی اسپارک 2026 میں بحری آپریشنز کے تمام پہلوؤں کی مشق کی جا رہی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مشق کے دوران آپریشنل تیاری، امن سے جنگی صورتحال میں منتقلی کی صلاحیت کو جانچا جا رہا ہے، جنگ کے بدلتے انداز کو مدنظر رکھتے ہوئے رواں سال کی مشق میں انفارمیشن انوائرمنٹ میں آپریشنز شامل کیا گیا ہے۔ مشق سی اسپارک میں ملٹی ڈومین آپریشنز اور بغیر پائلٹ نظاموں کا وسیع پیمانے پر استعمال شامل ہے۔ نیول چیف نے جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیت، بلند حوصلے، آپریشنل تیاری اور ناقابل تسخیر رہنے کے عزم کو سراہا۔

بقیہ 12

کے ہمراہ ہوں گے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا کہ اس اعلیٰ سطحی ہفتے کے دوران نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ کا پروگرام وسیع اور مختلف نوعیت کی سرگرمیوں پر مشتمل ہوگا۔ بیان کے مطابق وزیر خارجہ اور وزیراعظم کشمیر کے معاملے پر او آئی سی رابطہ گروپ کے اجلاس میں شرکت کریں گے جس میں وہ کشمیریوں کے حقوق کیلئے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کریں گے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے مزید کہا گیا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر ہونے والے او آئی سی کے متعدد وزارتی اجلاسوں میں بھی شرکت کریں گے جن میں او آئی سی وزرائے خارجہ کا سالانہ رابطہ اجلاس اور او آئی سی رابطہ گروپ کے دیگر اجلاس شامل ہیں۔

بقیہ 13

پاس رہ سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج اتوار کی صبح کراچی میں کم سے کم درجہ حرارت 27 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ ہوا میں نمی کا تناسب 74 فیصد رہا۔ شمال مغرب سے ہوائیں 4 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتی رہیں۔ موسمی پیش گوئی کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر میں سمندری ہواؤں کے ساتھ مغربی اور شمال مغربی سمت سے ہوائیں بھی چل سکتی ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 3 روز کے دوران گرمی کی شدت میں اضافے کے باعث شہریوں کو موسم کی صورتحال کے پیش نظر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ضرورت ہوگی۔

بقیہ 14

فعال بنایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ ہاؤس میں EMOs سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ حکومت نے سندھ بھر میں تعلیمی بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینے کے لیے غیر معمولی سرمایہ کاری کی ہے، تاہم ان منصوبوں کی کامیابی کا اصل پیمانہ یہ ہوگا کہ کتنے بچوں کو اسکولوں میں داخل کرایا جاتا ہے اور انہیں تعلیمی نظام میں برقرار رکھا جاتا ہے۔ اجلاس میں وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، پرنسپل سیکریٹری آغا واصف، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نجم شاہ، سیکریٹری اسکول ایجوکیشن زاہد عباسی، ڈائریکٹر جنرل پی پی پی یونٹ اسد ضامن، پروجیکٹ ڈائریکٹر SSEIP رضوان سومرو اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ نے بتایا کہ ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے جاری SSEIP کے تحت سندھ بھر میں مجموعی طور پر 838 اسکول تعمیر، اپ گریڈ یا بحال کیے جا رہے ہیں۔ ان میں اصل منصوبے کے تحت 116 نئے سیکنڈری اسکول جبکہ سیلاب سے بحالی کے پروگرام کے تحت 722 موسمیاتی خطرات سے محفوظ اسکول شامل ہیں۔

بقیہ 15

اہم اسکیموں ڈیفنس اور بہبود سیونگز سرٹیفکیٹس کے منافع کی شرح میں کمی کر دی اور ستمبر 2026 کے نئے ریٹس جاری کر دیے ہیں۔ حکومت پاکستان نے قومی بچت (نیشنل سیونگز) کی معروف اسکیموں "ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹس اور بہبود سیونگز سرٹیفکیٹس کے منافع کی شرح میں کمی کا اعلان کر دیا ہے، ستمبر 2026 کے لیے نئے ریٹس جاری کیے گئے ہیں، نئے منافع کے تحت ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹس کی مدت 10 سال مقرر ہے، جس میں ایک لاکھ روپے کی سرمایہ کاری پر میچورٹی کے وقت 3 لاکھ روپے حاصل ہوں گے۔ ایک لاکھ روپے کی سرمایہ کاری پر پہلے سال ایک لاکھ 10 ہزار روپے، دوسرے سال ایک لاکھ 21 ہزار روپے، تیسرے سال ایک لاکھ 33 ہزار، چوتھے سال ایک لاکھ 47 ہزار اور پانچویں سال ایک لاکھ 63 ہزار روپے کی رقم مقرر کی گئی ہے۔ چھٹے سال ایک لاکھ روپے کی سرمایہ کاری پر ایک لاکھ 82 ہزار روپے، ساتویں سال 2 لاکھ 4 ہزار، آٹھویں سال 2 لاکھ 30 ہزار اور نویں سال 2 لاکھ 62 ہزار روپے حاصل ہوں گے۔

بقیہ 16

پارٹنرشپ منصوبوں کے معاون خصوصی قاسم نوید قمر، گوانگژو میں پاکستان کے قونصل جنرل یاسر اقبال بٹ سمیت دونوں جانب کے اعلیٰ حکام اور نمائندگان نے شرکت کی۔ لیٹر آف انٹرسٹ کے تحت سندھ اور ہونان کے درمیان ادارہ جاتی رابطہ کاری، کاروبار سے کاروبار کے روابط، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں شراکت داری کو فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا، جبکہ عوام اور کاروباری اداروں کیلئے نئے مواقع پیدا کرنے کیلئے تعاون بڑھانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ حکام کے مطابق سندھ کی اقتصادی صلاحیت اور ہونان کی صنعتی، تکنیکی اور زرعی استعداد کو بروئے کار لاتے ہوئے باہمی مفاد پر مبنی عملی تعاون، علم و تجربات کے تبادلے

نوجوان نسل کو منشیات سے بچانا اجتماعی ذمہ داری ہے، دردانہ ارشد

روٹری کلب آف میرپورخاص کے زیر اہتمام ڈرگ فری سندھ مہم کے تحت آگاہی تقریب کا انعقاد

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) روٹری کلب آف میرپورخاص کے زیر اہتمام "منشیات سے پاک سندھ، منشیات سے پاک میرپورخاص" کے ویژن کے تحت منشیات کے خلاف آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ آگاہی پروگرام پبلک اسکول میر شیر محمد خان تالپور میں منعقد ہوا // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 37

ملازمین کے واجبات کی ادائیگی میں تاخیر' محتسب اعلیٰ کا نوٹس

ریجنل آفس میرپورخاص نے نوٹس لیتے ہوئے ضلعی اکاؤنٹس افسر سے رپورٹ طلب کرلی ہے

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی ادائیگی میں تاخیر، محتسب اعلیٰ سندھ کا نوٹس، ضلعی اکاؤنٹس افسر سے رپورٹ طلب کرلی تفصیلات کے مطابق محکمہ تعلیم میرپورخاص کے ریٹائرڈ افسران اور ملازمین کی پنشن، گریجویٹی، کیموٹیشن اور ایل پی آر انکیشمنٹ کے بقایاجات کی ادائیگی میں مبینہ تاخیر پر محتسب اعلیٰ سندھ کی ریجنل آفس میرپورخاص نے نوٹس لیتے ہوئے ضلعی اکاؤنٹس افسر سے رپورٹ طلب کرلی ہے آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (اپکا) میرپورخاص // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 38

تحریک کا مقصد عوام کے غصب شدہ حقوق کی بحالی ہے' حافظ نعیم الرحمٰن

امیر جماعت اسلامی پاکستان کا حیدرآباد ریلوے اسٹیشن پر خطاب، دھرنے جاری رکھنے کا اعلان

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے حیدرآباد ریلوے اسٹیشن پر کارکنان اور عوام کے پرجوش استقبال پر شکریہ ادا کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ جماعت اسلامی کی جاری تحریک کا مقصد کسی ذاتی یا پارٹی ایجنڈے کی تکمیل نہیں بلکہ عوام کے غصب شدہ حقوق کی بحالی ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اسلام آباد مارچ منزل نہیں بلکہ اصل منزل // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 39

سندھ کے وزراء عوام کے درمیان نظر نہیں آرہے' راجہ خلیق الزمان

انہیں عوامی مسائل کے حل کے لیے مریم نواز کی طرح عملی اقدامات کرنا ہوں گے' میڈیا سے گفتگو

دادو (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت کے ترجمان راجہ خلیق الزمان نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کی جانب سے عوامی مسائل حل نہ کیے جانے کے باعث صوبے میں الگ صوبوں کی باتیں ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے وزراء عوام کے درمیان نظر // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 40

میرپورخاص میں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ' 2093 امیدواروں کی شرکت

میرپورخاص پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص میں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ، 2093 امیدواروں کی شرکت، سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق میرپورخاص سندھ ٹیسٹنگ سروس سندھ (STS) کے زیرِ اہتمام دیگر ڈویژنز کی طرح میرپورخاص ڈویژن کے امیدواروں کے لیے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا۔ میرپورخاص میں میر شیر محمد خان تالپور پبلک اسکول کو امتحانی مرکز مقرر کیا گیا، جہاں 2093 مرد و خواتین امیدواروں نے ٹیسٹ میں شرکت کی امتحان کے موقع پر میرپورخاص پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 41

جونیئر ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں شہداء کی مزار پر حاضری

میر مرتضیٰ بھٹو، شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید شاہنواز بھٹو کے مزار پر فاتحہ خوانی کی

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی شہید بھٹو کے رہنماؤں نے جونیئر ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں شہید میر مرتضیٰ بھٹو اور دیگر شہدا کے مزار پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز شہید میر مرتضیٰ بھٹو کی 30ویں برسی کے موقع پر پی پی پی کے مرکزی و صوبائی رہنماؤں مجید سیال، رحیم بخش کھوسو، منیر احمد بروہی، غلام حیدر ٹریجو، غلام حیدر نگہبان، غلام حیدر بلوچ، حاجی میر مرتضیٰ بھٹو اور دیگر نے شرکت کی۔ خاتم خلیلی، سلیم راجپوت، دیدار حسین بانی، رئیس لیاقت علی عمرانی اور دیگر رہنماؤں اور کارکنوں نے ریلی کی شکل میں گڑھی خدا بخش بھٹو پہنچ کر میر مرتضیٰ بھٹو، شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید شاہنواز بھٹو، بھٹو، بھٹو، شہید کے مزاروں پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔

اولڈ ٹاؤن خدمت کمیٹی کے جنرل سیکرٹری فرحان میمن کی نکاح کی تقریب

صدر عبدالقادر نورانی سمیت اسماعیل برکاتی، شاہ ذوب یعقوب اور عمران پٹنی نے شرکت کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اولڈ ٹاؤن خدمت کمیٹی کے جنرل سیکرٹری فرحان میمن کی نکاح کی تقریب نیو میمن مسجد بولٹن مارکیٹ میں منعقد کی گئی، جس میں اولڈ ٹاؤن خدمت کمیٹی کے صدر عبدالقادر نورانی سمیت اسماعیل برکاتی، شاہ ذوب یعقوب اور عمران پٹنی نے شرکت کی اور فرحان میمن کو بہت دعاں سے نوازا۔ اس موقع پر منیر اکبر، جنید پردیسی، سید عرفان باپو اور حنیف بابا بلبر (کے ساتھ سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے نمائندے بھی موجود تھے اور فرحان میمن کو شادی کے پر مسرت موقع پر بہت سی دعاؤں سے نوازا

حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا ججز کالونی کا دورہ

کالونی کے رہائشیوں سے ملاقات کی اور بجلی کی فراہمی سمیت دیگر مسائل کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب فیض اللہ ڈاہری نے ججز کالونی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کالونی کے رہائشیوں سے ملاقات کی اور بجلی کی فراہمی سمیت دیگر مسائل کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی۔ ملاقات کے دوران حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب فیض اللہ ڈاہری نے ججز کالونی کے رہائشیوں کو خوشخبری سناتے ہوئے ججز کالونی کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دینے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کو بجلی کی بہتر، مستحکم اور بلاتعطل فراہمی حیسکو کی ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ حیسکو چیف نے اس موقع پر کہا کہ بجلی کے نظام میں بہتری اور صارفین کو معیاری سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے ججز کالونی کے رہائشیوں کو یقین دلایا کہ بجلی کی فراہمی سے متعلق مسائل کے حل کے لیے حیسکو انتظامیہ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ اس موقع پر چیف پلاننگ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 42

ایم ڈی کیٹ: جعلی پرچہ 8 مرتبہ سوشل میڈیا پر جاری کرنیکی کوشش ناکام

2 طالبات گرمی سے طبیعت خراب، وی سی IBA سکھر بھی بیہوش

سیبا ٹیسٹنگ سروس نے سوشل میڈیا پر گردش کرنیوالے مبینہ پرچے کو جعلی قرار دیتے ہوئے امیدواروں کو غیر مصدقہ مواد پر اعتماد نہ کرنے کی ہدایت کی

این ای ڈی یونیورسٹی کے امتحانی مرکز میں پنکھے خراب ہونے کی اطلاعات' مسلسل کام اور نیند پوری نہ ہونے سے ڈاکٹر آصف شیخ بیہوش ہو کر نشست سے گر گئے

کراچی (ویب ڈیسک) ایم ڈی کیٹ 2026 کے دوران سوشل میڈیا پر جعلی پرچہ جاری کرنے کی تقریباً 8 مرتبہ کوشش کی گئی، تاہم تمام کوششیں ناکام بنادی گئیں۔ آئی بی اے سکھر کے وائس چانسلر ڈاکٹر آصف شیخ نے بتایا کہ ماہرین کی ٹیم کے ہمراہ گزشتہ 2 راتوں سے پرچے کی کڑی نگرانی کی جارہی تھی۔ ڈاکٹر آصف شیخ کے مطابق مسلسل کام اور نیند پوری نہ ہونے کے باعث وہ سکھر کے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 43

کوہسار میں میٹرائیکس اکیڈمی کا باقاعدہ افتتاح

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) کوہسار میں جدید تعلیمی اور تکنیکی ضروریات سے ہم آہنگ میٹرائیکس اکیڈمی (The MetriTex Academy) کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری تھے، جنہوں نے ربن کاٹ کر اکیڈمی کا افتتاح کیا میٹرائیکس اکیڈمی میں اے آئی کنٹینٹ میکنگ، فاریکس ایجوکیشن، ویب ڈیولپمنٹ، ورڈپریس ڈیولپمنٹ، گرافک ڈیزائننگ اور او اے لیول کوچنگ سمیت مختلف جدید تعلیمی اور تکنیکی کورسز کرائے جائیں گے اکیڈمی کے بانیان میں محمد شاہ رخ عباسی، محمد طلحہ شیخ اور عبدالرحمٰن شامل ہیں، جنہوں نے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 45

دادو کے کچے میں دو گروپوں میں تصادم' ایک شخص جاں بحق، لواحقین کا دھرنا

دادو (بیورو رپورٹ) دادو کے کچے علاقے موندر میں دو مسلح گروپوں میں خونی تصادم سے جاں بحق شخص محمد حسین شاہانی کا مقدمہ درج نہ ہونے پر لواحقین نے لاش موندر تھانے سامنے رکھ کر احتجاج کیا مقتول کے لواحقین بھائی امتیاز اور دیگر نے موندر تھانہ پولیس پر مقدمہ درج نہ کرنے کا الزام عائد کیا ہے گزشتہ روز مسلح گروپوں کی جانب سے راکیٹ لانچر اور جدید اسلحے سے فائرنگ ایک شخص جان بحق، خاتون سمیت ۳ راہگیر زخمی ہوئے تھے فریقین کے جاری // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 48

پاکستان زندہ باد موومنٹ ضلع قمبر کی جانب سے تنظیمی سرگرمیاں جاری

قمبر (بیورو رپورٹ) پاکستان زندہ باد موومنٹ ضلع قمبر شہدادکوٹ کی جانب سے تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لیے رکنیت سازی اور تنظیمی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں سجاد علی بھٹو اور جاوید علی بھٹو کو پاکستان زندہ باد موومنٹ کے تعلقہ ممبر منتخب کر لیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان زندہ باد موومنٹ ضلع قمبر شہدادکوٹ کے چیئرمین نورالدین قریشی، سینئر وائس چیئرمین اخلاق احمد چانڈیو، وائس چیئرمین عبدالقادر سانگاہ، جنرل سیکریٹری خالد حسین چانڈیو سمیت ضلعی و تعلقہ عہدیداران انعام بھٹو، پرویز علی مگسی، امجد علی خاصخیلی، فہیم حسین، میر محمد بوہیو، شمن علی کنڈ، علی ڈنو حاصلو، نگن خان شاہانی سمیت دیگر ساتھیوں نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی چیئرمین نورالدین // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 52

جھڈو پولیس کی جانب سے کارروائیاں' منشیات کی فروخت تھم نہ سکی

جھڈو (بیورو) پولیس کی جانب سے منشیات کی روک تھام اور جرائم کے سدباب کے لیے مختلف اقدامات اور کارروائیاں کی جارہی ہیں، تاہم اس کے باوجود سفینہ گٹکا، شراب اور دیگر منشیات کی مبینہ فروخت کا سلسلہ مکمل طور پر تھم نہ سکا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پولیس کی کارروائیوں کے باوجود بعض عناصر مبینہ طور پر منشیات کی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 54

کاشف شورو کے عوام دشمنی پر مبنی اقدامات قابل مذمت ہیں' ایم کیو ایم

عوام دوست ترقیاتی منصوبوں سے خائف میئر حیدرآباد کاشف شورو نفرت کی سیاست کر رہے ہیں

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان حیدرآباد ڈسٹرکٹ کے ترجمان نیا نے بیان میں لطیف آباد این اے 219 کے حق پرست رکن قومی اسمبلی پروفیسر انجینئر عبدالعلیم خانزادہ کے ترقیاتی فنڈز سے بلال احمر اسپتال کے یہاں بیور سے روڈ کی تعمیر کو پیپلز پارٹی کے میئر حیدرآباد کاشف شورو کی جانب سے ایچ ایم سی اینٹی انکروچمنٹ کے عملے کو استعمال کرکے ترقیاتی کام بند کروانے اور مزدوروں کو حراست میں لے کر بعد ازاں ٹھیکیدار کے خلاف ایف آئی آر درج // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 44

کراچی میں قومی خیرپور کھجور فیسٹیول کا انعقاد

افتتاح سندھ حکومت کے یونیورسٹیز اینڈ بورڈز کے صوبائی وزیر محمد اسماعیل راہو نے کیا

کراچی (پ ر) سندھ ہائر ایجوکیشن کمیشن اور جامعہ سندھ جامشورو کے مشترکہ تعاون سے پرل کانٹی نینٹل (پی سی) ہوٹل کراچی میں قومی خیرپور کھجور فیسٹیول منعقد کیا گیا، جس کا افتتاح سندھ حکومت کے یونیورسٹیز اینڈ بورڈز کے صوبائی وزیر محمد اسماعیل راہو نے کیا۔ تقریب // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 47

کمشنر حیدرآباد ڈویژن فیاض حسین عباسی کا امتحانی مراکز کا دورہ

سیکیورٹی، طلبہ کو ضروری سہولیات کی فراہمی، امتحان کے بلا رکاوٹ انعقاد پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) کمشنر حیدرآباد ڈویژن فیاض حسین عباسی نے میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن ٹیسٹ (MDCAT) 2026 کے جاری امتحان کے دوران پبلک اسکول حیدرآباد اور لمس یونیورسٹی جامشورو میں قائم امتحانی مراکز کا دورہ کیا، امتحانی عمل انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کمشنر فیاض حسین عباسی نے کہا انتظامیہ کی جانب سے امتحانی عمل کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے تاکہ امیدواروں کو پرامن، شفاف، منظم ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا امتحانی مراکز پر سیکیورٹی، طلبہ کو ضروری سہولیات کی فراہمی، امتحان کے بلا رکاوٹ انعقاد پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ MDCAT میڈیکل اور ڈینٹل شعبوں میں داخلے کے خواہشمند // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 49

شان سہگل کی ریلوے کمرشل آفیسر جہاں بابر سے ملاقات

حیدرآباد ریلوے اسٹیشن سے متعلق چیمبر کی جانب سے پیش کیے گئے تفصیلی ایجنڈے پر تبادلہ خیال کیا

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) حیدرآباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹری نائب صدر شان سہگل نے پاکستان ریلوے کمرشل آفیسر میڈم جہاں بابر سے کراچی دفتر میں ملاقات کی، حیدرآباد ریلوے اسٹیشن سے متعلق چیمبر کی جانب سے پیش کیے گئے تفصیلی ایجنڈے پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں حیدرآباد ریلوے اسٹیشن پر کارگو آف لوڈنگ کی سہولت، جدید ویٹنگ لانج، کمرشل فوڈ اسٹالز، پارکنگ کو ڈیجیٹلائز کرنے، تاجروں کے لیے ٹکٹوں کی ترجیحی سہولت، چیمبر، پاکستان ریلوے کے درمیان بہتر رابطہ کاری، کاروباری برادری کو درپیش کارگو ٹرانسپورٹ کے اخراجات سمیت مختلف امور زیر بحث آئے۔ میڈم جہاں بابر نے بتایا حیدرآباد ریلوے اسٹیشن پر ماڈرن ویٹنگ لانج کے قیام کے لیے جلد ٹینڈر جاری کیا جائے گا، جس میں چیمبر کے توسط سے کاروباری حضرات بھی حصہ لے سکیں گے۔ کمرشل، فوڈ اسٹالز عموماً نیلامی یا ٹینڈر کے ذریعے دیے جاتے ہیں تاہم حیدرآباد چیمبر سے وابستہ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 51

حیدرآباد محبت، پیار اور مہمان نوازی کا شہر ہے' ڈاکٹر شام سندر

مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ ایک ہی چمن کے پھول ہیں، رنگ مختلف ہوسکتے ہیں لیکن خوشبو ایک ہے

حیدرآباد (رپورٹ شام لال چندانی) وزیراعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی برائے اقلیتی امور اور چیئرمین سندھ ایویکیو ٹرسٹ پراپرٹی بورڈ ڈاکٹر شام سندر کے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 55

سکیورٹی فورسز کی قلات میں کارروائی 5 دہشتگرد ہلاک 23 مغوی بازیاب

دہشتگردوں کے ٹھکانے سے 6 ٹرک، 3 بسیں اور 2 کاریں، بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی قبضے میں لے لیا گیا

دہشت گردوں نے اغوا، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کیلئے چیک پوسٹ قائم کر رکھی تھی' عوامی آمدورفت میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام

راولپنڈی (ویب ڈیسک) سکیورٹی فورسز نے قلات کے قریب کارروائی میں 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق قلات کے قریب این 25 پر دہشتگردوں کی عوامی آمدورفت میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 5 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا، ہلاک دہشتگردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی بحفاظت بازیاب // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 57

ایس ایس پی حیدرآباد شاہزیب چاچڑ کے احکامات پر کارروائیاں

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) ایس ایس پی حیدرآباد شاہزیب چاچڑ کے احکامات پر منشیات فروشوں اور دیگر جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف پولیس کی کارروائیاں جاری ایس ایس پی حیدرآباد شاہزیب چاچڑ کے احکامات پر حیدرآباد پولیس کی جانب سے منشیات فروشوں اور دیگر جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران حیدرآباد پولیس نے منشیات کے خلاف 148 مقدمات درج کرتے ہوئے منشیات کی خرید و فروخت اور سپلائی میں ملوث 191 ملزمان اور مجموعی طور پر 322 ملزمان کو گرفتار کیا۔

آرٹس کونسل آف پاکستان لاڑکانہ میں ڈرامہ پیش کیا گیا

لاڑکانہ (بیورو) آرٹس کونسل آف پاکستان لاڑکانہ میں جاری ڈرامہ فیسٹیول کے دوران گزشتہ شب ڈرامہ ویری گڈ ورلڈ پیش کیا گیا جس میں مہمان خصوصی سیکریٹری اسپورٹس منور مہیسر، ڈپٹی سیکریٹری علی ڈنو گوپانگ، ڈپٹی ڈائریکٹر سید حبیب شاہ، ڈی او اسپورٹس محمد محفوظ کلہوڑو دیگر تھے۔ اس موقع پر آرٹس کونسل آف پاکستان لاڑکانہ کے صدر حاجی محمد اسماعیل جتوئی اور سیکریٹری حنیف سہاگ نے مہمانوں کو سندھی ثقافت اجرک اور ٹوپی کے تحائف پیش کرکے خوش آمدید کہا۔ سیکریٹری اسپورٹس منور مہیسر نے کہا کہ لاڑکانہ آرٹس کونسل اچھا کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت جلد ہم اس ادارے میں کھیلوں کا ایک بڑا پروگرام بھی منعقد کریں گے اور ہر ممکن مالی تعاون بھی کریں گے۔ درایں اثنا جاری فیسٹیول میں عرفان ندیم بوبلی کا لکھا ہوا ڈرامہ ویری گڈ ورلڈ پیش کیا گیا جس کی ہدایات ندیم بوبلی نے دی ہیں جبکہ اداکار امجد گل سومرو، ریاض مہیسر، کشور جبین، عرفان ندیم اور دیگر نے اداکاری کے جوہر دکھائے۔ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 61

حیدرآباد تعلیمی بورڈ نے انٹرمیڈیٹ کے نتائج کا اعلان کر دیا

دونوں گروپس میں ٹاپ پوزیشن حاصل کرنے والے امیدواروں کے نام بھی جاری کر دیے گئے

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) حیدرآباد تعلیمی بورڈ نے انٹرمیڈیٹ سال دوئم ہائر سیکنڈری) پارٹ ٹو (کے پری انجینئرنگ اور کمپیوٹر سائنس گروپس کے سالانہ امتحانات 2026 کے نتائج کا اعلان کر کے دونوں گروپس میں ٹاپ پوزیشن حاصل کرنے والے امیدواروں کے نام بھی جاری کر دیے گئے۔ پری انجینئرنگ گروپ میں گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول ٹنڈو // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 58

ڈاکٹر عیسی لیبارٹری کورنگی برانچ کی جانب سے پولیو آگاہی واک

ڈپٹی کمشنر ضلع کورنگی مسعود بھٹو کی پولیو آگاہی واک میں خصوصی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاکٹر عیسی لیبارٹری کورنگی برانچ کے زیر اہتمام پولیو سے بچاؤ اور عوامی آگاہی کے فروغ کے لیے پولیو آگاہی واک کے عنوان سے ایک خصوصی آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام میں سرکاری اسکول کے بچوں، پولیو ڈسٹرکٹ ٹیم اور دیگر شرکاء سمیت تقریباً 200 افراد نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں پولیو سے بچاؤ اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ پروگرام کا آغاز ڈاکٹر عیسی لیبارٹری کورنگی برانچ سے کیا گیا، جہاں شرکاء نے پولیو کے خاتمے اور بچوں کی صحت کے تحفظ کے عزم کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر عیسی لیبارٹری کورنگی برانچ کی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 60

ٹنڈو آدم میں گولی لگنے سے جاں بحق نوجوان کے قتل کا انکشاف

دو افراد کے خلاف مقدمہ درج' ملزمان کے ساتھ چند روز قبل گھریلو تنازع پر تلخ کلامی ہوئی تھی

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) ٹنڈو آدم کے کہری محلے میں ایک ہفتہ قبل گھر کے اندر پراسرار طور پر گولی لگنے سے جاں بحق ہونے والے 15 سالہ نوجوان عامر علی ولد دلبر کہری کی ہلاکت نے نیا رخ اختیار کرلیا۔ واقعے کے حوالے سے بی سیکشن تھانے میں نوجوان کے بھائی جاوید کہری کی مدعیت میں دو قریبی رشتہ داروں شیر محمد کہری اور ساگر کہری کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ مقدمے کے مدعی کے مطابق ملزمان کے ساتھ چند روز قبل گھریلو تنازع پر تلخ کلامی ہوئی تھی، جس کے دوران مبینہ طور پر انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں بھی دی گئی تھیں۔ مدعی کا الزام ہے کہ واقعے والے روز ملزمان گھر میں داخل ہوئے اور عامر علی کہری کو مبینہ طور پر فائرنگ کرکے زخمی کردیا۔ گولی لگنے سے شدید زخمی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 62

جام نواز علی: مزدور نوجوان پراسرار طور پر جاں بحق، ورثا کا قتل کا شبہ

سانگھڑ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جام نواز علی نواب آباد تھانے کی حدود میں مرغیوں کے فارم پر کام کرنے والا گاؤں ابراہیم خاصخیلی کا رہائشی 35 سالہ نوجوان مراد ولد امیر خاصخیلی پراسرار طور پر جاں بحق ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش پوسٹ مارٹم کے لیے تعلقہ اسپتال جام نواز علی منتقل کی، تاہم اسپتال میں ڈاکٹر موجود نہ ہونے کے باعث پوسٹ مارٹم نہ ہوسکا لاش کو تعلقہ اسپتال منتقل کیا گیا جہاں پوسٹ مارٹم اور ضروری قانونی کارروائی کی گئی اس سلسلے میں متوفی کے بھائی خان محمد خاصخیلی نے الزام عائد کیا ہے کہ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 46

شکارپور: کانسٹیبل کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر چوہان برادری کا احتجاج

شکارپور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چند روز قبل قتل ہونے والے پولیس کانسٹیبل عاشق چوہان کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کے خلاف چوہان برادری کے مرد و خواتین کی بڑی تعداد نے گھنٹہ گھر چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے سڑکوں پر رکاوٹیں کھڑی کرکے راستے بند کردیئے اور پولیس کے خلاف شدید نعرے بازی کی، جس کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر اور شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ پولیس کانسٹیبل عاشق چوہان کو چند روز قبل مبینہ طور پر بااثر افراد نے قتل کیا، تاہم واقعے میں ملوث ملزمان تاحال // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 50

حیدرآباد پریس کلب کے سامنے ٹیسٹ پاس امیدوار سراپا احتجاج

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) حیدرآباد پریس کلب کے سامنے IBA پاس PST+40 JEST/ویٹنگ ٹیچرز کی جانب سے میرٹ کی بحالی کیلئے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ اس موقع پر احتجاج کرنے والے ویٹنگ ٹیچرز نے کہا کہ انہوں نے IBA ٹیسٹ میں 40 سے زائد نمبر حاصل کیے ہیں، تاہم اس کے باوجود وہ تاحال ملازمتوں کے منتظر ہیں۔ احتجاجی اساتذہ نے ہائی کورٹ کے حالیہ فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے سندھ حکومت سے مطالبہ کیا کہ IBA پاس PST/JEST+40 ویٹنگ امیدواروں کا مسئلہ قانون اور انتظامی طریقہ کار کے مطابق حل کیا جائے۔ ویٹنگ ٹیچرز نے خصوصی کمیٹی کے چیئرمین سید اویس قادر شاہ سے اپیل کی کہ خصوصی کمیٹی کا اجلاس جلد از جلد طلب کرکے ویٹنگ امیدواروں // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 53

گولارچی میں پولیس کا گشت، ہوٹلوں میں شہریوں کے شناختی کارڈ چیک

گولارچی (ویب ڈیسک) گولارچی شہر میں امن و امان کی صورتحال کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ایس ایچ او تھانہ گولارچی انسپکٹر محمد خان کلوئی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں، ہوٹلوں اور اہم مقامات کا گشت کیا۔ اس موقع پر پولیس اہلکاروں نے مختلف چھوٹے بڑے ہوٹلوں میں موجود افراد کے شناختی کارڈ چیک کیے اور مشکوک سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی۔ ایس ایچ او محمد خان // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 56

نوشہرو فیروز میں عید میلاد النبی ﷺ کی روح پرور محفل

نوشہرو فیروز (ویب ڈیسک) نوشہرو فیروز میں عید میلاد النبی ﷺ کی روح پرور محفل، ہزاروں افراد کی شرکت نوشہرو فیروز میں جلبانی پمپ کے قریب سالانہ عید میلاد النبی ﷺ کی روح پرور اور شاندار محفل احترام، عقیدت اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منعقد کی گئی، جس میں شہر اور گردونواح سے ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ محفل کے دوران حمد، نعت اور مذہبی خطاب سے فضا درود و سلام سے گونج اٹھی۔ محفل سے خطاب کرتے ہوئے مولوی خالد سومرو مورائی نے نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت مبارکہ پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ دین اسلام انسانیت، پیار، محبت، امن اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 59

موہنجودڑو ٹرین دوبارہ بحال ہو کر لاڑکانہ ریلوے اسٹیشن پہنچ گئی

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) سندھ میں ریلوے کے بند روٹس اور ٹرین سروسز کی بحالی کے لیے شہریوں اور سماجی تنظیموں کی جانب سے کی جانے والی مسلسل جدوجہد رنگ لے آئی، کچھ عرصہ قبل بند کی گئی موہنجودڑو ٹرین دوبارہ بحال ہو کر روہڑی سے لاڑکانہ ریلوے اسٹیشن پہنچ گئی۔ ٹرین کی لاڑکانہ آمد پر شہریوں، سماجی رہنماؤں اور ریلوے انتظامیہ کی جانب سے مسافروں اور ٹرین کا شاندار استقبال کیا گیا۔ موہنجودڑو ٹرین کے لاڑکانہ ریلوے اسٹیشن پہنچنے کے موقع پر شہری بڑی تعداد میں اسٹیشن پر جمع ہوگئے۔ شہریوں نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جبکہ ٹرین کی بحالی کی خوشی میں ڈھول بجا کر بھی اظہار مسرت کیا گیا۔ اس موقع پر شہریوں اور سماجی رہنماؤں نے ٹرین کی بحالی کو عوامی سفری سہولیات کی بہتری کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا۔ سماجی رہنماؤں کا کہنا تھا کہ موہنجودڑو ٹرین کی بحالی کے لیے شہریوں اور مختلف سماجی حلقوں کی جانب سے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 63

بیرانی میں 2 کروڑ کی لاگت سے بینظیر بھٹو پبلک پارک کا افتتاح

افتتاح پی پی کی سینئر قرۃ العین عرف عینی مری نے کیا' پارک تفریح کا بہترین ذریعہ ثابت ہوگا

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) بیرانی شہر کے رہائشیوں بالخصوص بچوں کو تفریح کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی کی سینئر قرۃ العین مری نے ایم این اے شازیہ عطا مری کی کوششوں سے 2 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 28

صوبوں کا معاملہ اب نان ایشو ہو گیا ہے' طارق علی تالپور

سندھ اسمبلی اپنا فیصلہ سنا چکی ہے، اس کے بعد اس معاملے پر مزید بات کرنا وقت کا ضیاع ہے

ڈگری (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر سماجی بہبود میر طارق علی تالپور نے کہا ہے کہ صوبوں کا معاملہ اب نان ایشو ہو گیا ہے، سندھ اسمبلی اپنا فیصلہ سنا چکی ہے، اس کے بعد اس معاملے پر مزید بات کرنا وقت کا ضیاع ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کسانوں کے حقوق کے تحفظ کی محافظ اور ضامن جماعت ہے۔ صوبائی وزیر میر طارق علی تالپور نے یہ بات ڈگری کے نواحی گاؤں ڈے 166 میں پیور بلاک سے تعمیر کی جانے والی گلیوں کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 29

بچوں کے اغوا، زیادتی اور قتل کے واقعات کیخلاف فنکشنل لیگ کا احتجاجی مظاہرہ،

سردار عبدالرحیم نے چیف جسٹس سے معصوم بچوں کے قتل اور زیادتی کے واقعات پر سوموٹو نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں معصوم بچوں اور بچیوں کے اغوا، زیادتی اور قتل کے بڑھتے ہوئے واقعات کے خلاف پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کراچی ڈویژن کے زیر اہتمام کلفٹن تین تلوار پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس میں فنکشنل لیگ کے کارکنان، خواتین، وکلا، صحافیوں، متاثرہ خاندانوں اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مظاہرین // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 30

سندھ تھیٹر فیسٹیول 2026۔ سکھر کا شاندار افتتاح

سندھ کے مختلف شہروں میں تھیٹر فیسٹیولز کا انعقاد خوش آئند ہے، ڈاکٹر ایوب شیخ

سکھر (بیورو رپورٹ) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی اور سکھر آرٹس کونسل کے مشترکہ تعاون سے سندھ تھیٹر فیسٹیول 2026۔ سکھر کا شاندار افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کی لوک ورثہ کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر ایوب شیخ اور // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 31

اڈیرو لال مندر میں 70 کے وی اے سولر سسٹم کی تنصیب مکمل

ڈاکٹر شام سندر آڈوانی نے منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کر دیا' سندھ حکومت کے اقدامات جاری

ٹنڈو محمد خان (نامہ نگار) اڈیرو لال مندر میں 70 کے وی اے سولر سسٹم کی تنصیب مکمل، ڈاکٹر شام سندر آڈوانی نے منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ محکمہ اقلیتی امور سندھ کی جانب سے اڈیرو لال مندر میں سولر سسٹم کی فراہمی و تنصیب مکمل، ڈاکٹر شام سندر آڈوانی کو منصوبے کے معیار اور تکمیل سے متعلق بریفنگ ڈاکٹر شام سندر آڈوانی نے ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر سمجھوتہ نہ کرنے اور کام مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت کردی اقلیتی عبادت گاہوں کی مرمت، دیکھ بھال // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 32

ٹرین مارچ کا ریلوے اسٹیشن ٹنڈو آدم پر فقید المثال استقبال

ریلوے اسٹیشن حافظ حافظ کے نعروں سے گونج اٹھا' قائدین پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں پٹرولیم لیوی، بھتہ نما ٹیکسز، مہنگائی اور عوام پر بڑھتے ہوئے معاشی بوجھ کے خلاف کراچی سے اسلام آباد روانہ ہونے والے سپر ٹرین مارچ کا ٹنڈو آدم ریلوے اسٹیشن پہنچنے پر ہزاروں مرد و خواتین نے فقید المثال اور والہانہ استقبال کیا گیا۔ جماعت اسلامی کے رہنماں اور کارکنان سمیت ہزاروں مرد و خواتین نے ریلوے اسٹیشن پہنچ کر قائدین کا بھرپور خیر مقدم کیا، جبکہ پورا اسٹیشن حافظ نعیم الرحمٰن زندہ باد، جماعت اسلامی زندہ باد کے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھا۔ اس موقع پر // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 33

محافل میلاد تعلیمات نبوی پھیلانے کا ذریعہ ہیں۔ علامہ نسیم صدیقی

نبی کریم کے اسوہ حسنہ پر عمل میں کامیابی مضمر ہے۔ سید رفیق شاہ

کراچی (پ ر) جماعت اہلسنت کراچی ضلع کیماڑی کے زیر اہتمام مدرسہ فیضان مدینہ قادریہ رشید آباد بلدیہ میں سالانہ محفل میلاد النبی کا اہتمام کیا گیا جس میں علامہ پروفیسر نسیم احمد صدیقی نے اپنے خطاب میں کہا کہ میلاد النبی کی محفلیں تعلیمات نبوی پھیلانے کا ذریعہ ہیں۔ حضور خاتم النبیین کی ذات گرامی اہل ایمان کیلئے سرچشمہ ہدایت اور مرکز عشق و محبت ہے، آقا کریم کا // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 34

بحری مشق سی اسپارک جاری، نیول چیف کا مختلف تنصیبات کا دورہ

ایڈمرل نوید اشرف نے بحری جہازوں، کریکس ایریا اور نیول تنصیبات میں مشق کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاک بحریہ کی بحری مشق سی اسپارک 2026ء جاری ہے، سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے مشق کے دوران مختلف بحری جہازوں، کریکس ایریا اور نیول تنصیبات کا دورہ کیا اور جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نیول چیف نے ساحلی پٹی اور کھلے سمندر میں جاری مشق کے دوران پاک بحریہ کی آپریشنل تیاریوں کا معائنہ کیا اور // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 35

اداکار آر جے عمران کی مقبولیت کا گراف بلندیوں کی جانب گامزن

بڑی اور چھوٹی اسکرین پر مسلسل کامرانیاں' مزید دو بڑی فلموں میں انتہائی اہم کردار میں نظر آئیں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر رضا راٹھور) شوبز انڈسٹری کے معروف اور ورسٹائل اداکار آر جے عمران کی فنکارانہ صلاحیتوں کے سبب ان کی مقبولیت میں نمایاں اور بے پناہ اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے سینما گھروں میں دھوم مچانے والی کامیاب فلموں آگ لگے بستی میں اور // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 36